Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد14 جمعۃ المبارک، 10 نومبر 2023ء، 25 ربیع الثانی 1445ھ، قیمت 20روپے شمارہ189

پاکستان میں پہلی بار مذہبی سیاحت پروگرام کا باقاعدہ آغاز

''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' کا افتتاح، ''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' کے ذریعے دنیا بھر سے سکھ یاتری آن لائن ہوٹل بکنگ، آمدورفت کیلئے گاڑی کے انتخاب کی سہولت حاصل کرسکیں گے

سکھ یاتریوں کو وی آئی پی کا درجہ حاصل ہوگا، سکھ یاتریوں کو پاکستان آنے پر کوئی دشواری نہیں ہوگی، ٹورازم پولیس بھی قائم کی جائیگی، محسن نقوی

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی میوہسپتال میں سی ٹی سکین مشین کا معائنہ کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر پاکستان میں پہلی بار مذہبی سیاحت پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے مذہبی سیاحت کے فروغ کے لئے ''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' کا افتتاح کردیا۔ ''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' کے ذریعے دنیا بھر سے سکھ یاتری آن لائن ہوٹل بکنگ کی سہولت حاصل کر سکیں گے۔ ''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' کے(بقیہ نمبر 1)

پولیو وائرس کی موجودگی سے ہر بچے کو خطرہ ہے

ملک کے مزید 6اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیووائرس کی تصدیق

5سال سے کم عمر کے بچوں کو یہ وائرس عمر بھر کے لیے معذور بنا سکتا ہے، ڈاکٹر ندیم جان

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کے مزید 6اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق کراچی سے 4اور چمن سے 2 نمونوں میں پولیووائرس ملا ہے، پشاور، کوہاٹ اور نوشہرہ سے ایک ایک(بقیہ نمبر 2)

پاکستان کی بڑی کاوش کے ساتھ سی آئی آئی ای میں شرکت

اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانے اور تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے، حسین حیدر

اسلام آباد(این این آئی) شنگھائی میں 5 سے 10 نومبر تک جاری چھٹی چائنا انٹرنیشنل امپورٹ ایکسپو (سی آئی آئی ای) میں 19 پاکستانی نمائش کنندگان شرکت کر رہے ہیں جس نے پاکستان کی اب تک کی سب (بقیہ نمبر 5)

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کا یوم اقبال پر پیغام

علامہ اقبال نے امن، سیاسی برداشت اور بھائی چارے سے مزین پاکستان کا خواب دیکھا تھا

اسلام آباد (پیپانیوز) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ اقبال نے امن، سیاسی برداشت اور بھائی چارے سے مزین پاکستان کا خواب دیکھا تھا، آج کے دن ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ ہم اقبال کیاس تصور پاکستان(بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ نے مزار اقبالؒ کی اپ گریڈیشن کا پلان طلب

مزار اقبالؒ کی بحالی اور بہتری کے لئے فوری طور پر اقدامات اور خستہ حال ماربل کو تبدیل کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے مزار اقبالؒ کے سنگ مرمر کی خراب حالت، سیاہی مائل ہوتی سفید دیواریں اور مزار کے احاطے میں کم لائٹس کا فوری نوٹس لیتے ہوئے عظیم مفکر اور شاعر مشرق علامہ (بقیہ نمبر 3)

اسرائیل فرعون بن چکا ہے مسلسل، مہلک بمباری افسوسناک ہے، وزیراعظم انوارالحق کاکڑ

محصور غزہ میں جارحیت پر اسرائیل کے احتساب کا مطالبہ

اسرائیل کی مسلسل، مہلک بمباری افسوسناک ہے، مسئلے کو یواین، ایس سی اور او آئی سی کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت ہے، ای سی او اور کن ممالک غزہ میں جنگ بندی پر زوردیں

ای سی او اور عالمی برادری باہمی احترام، بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کو فروغ دیتے ہوئے اسلاموفوبیا کے خلاف سیاسی اور قانونی جدوجہد کے لیے مل کر کام کرے، انوارالحق کاکڑ کا خطاب

تاشقند (این این آئی) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے محصور غزہ میں جارحیت پر اسرائیل کے احتساب کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل کی مسلسل، مہلک بمباری افسوسناک ہے، مسئلے کو یواین، ایس سی اور او آئی سی کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت ہے، ای سی او اور کن ممالک غزہ میں جنگ بندی پر زور دیں، انسانی امداد کی فراہمی کے مطالبے کی حمایت کریں اور اسرائیل کے احتساب کی کوششوں کی حمایت کریں، پاکستان ای سی او کے تمام رکن ممالک سے توقع رکھتا ہے اپنے حق خود ارادیت کے حصول کی جدوجہد کرنے والے کشمیریوں کی مشکلات کے خاتمہ کے لئے اور مسئلہ کے حل کے لئے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق(بقیہ نمبر 16)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی یوم اقبال پر چاک وچوبند دستے کے ہمراہ شاعرمشرق علامہ محمد اقبال کے مزار پر حاضری دینے کیلئے آرہے ہیں

وزیراعلیٰ محسن نقوی کی مزار اقبال پر حاضری، پھول رکھے، فاتحہ خوانی کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے شاعرمشرق علامہ محمد اقبالؒ کے مزار پر حاضری دی۔ وزیراعلیٰ نے مزار اقبالؒ پر پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی اور ملک کی ترقی وخوشحالی، استحکام سا لمیت اور امن کے(بقیہ نمبر8)

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا146واں یوم پیدائش قومی جذبہ کے ساتھ منایا گیا

ملک میں عام تعطیل کے باوجود مختلف تنظیموں کی جانب سے سیمینارز کا انعقاد کیا گیا

اسلام آباد(پیپانیوز) ملک بھر میں مفکر پاکستان شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا 146واں یوم پیدائش جوش وخروش، عقیدت و احترام اور قومی جذبہ کے ساتھ منایا گیا۔ شاعر مشرق علامہ اقبال کی یوم ولادت کے موقع پر ملک میں عام تعطیل کے باوجود مختلف تنظیموں کی جانب سے سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینارز میں مقررین علامہ(بقیہ نمبر 6)

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا علامہ محمد اقبالؒ کے یوم ولادت کے موقع پر پیغام

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے ایک ایسے وقت میں ہمیں صحیح راستہ دکھایا جب برصغیر پاک وہند کے مسلمان غلامی کے اندھیروں میں منزل کا سراغ کھو چکے تھے

آج ضروری ہے کہ ہم فکرِ اقبال کی روشنی میں متحد ہو کر پاکستان کو درپیش مسائل کے حل کے لئے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے مفکر اسلام وشاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کے 146ویں یوم ولادت کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا کہ ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ عظیم مدبر و رہنما تھے۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے ایک ایسے وقت میں ہمیں صحیح راستہ دکھایا جب برصغیر پاک وہند کے مسلمان غلامی کے اندھیروں میں منزل (بقیہ نمبر 22)

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن مزار اقبال پر حاضری کے موقع پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

یوم اقبالؒ پر شاعر مشرق کو پاک فضائیہ کا خراج عقیدت

اقبال کی شاعری میں فکر وخیال کی گہرائی ملتی ہے۔ تخلیق عرض پاک انہی کی فکری کاوشوں سے سرانجام پائی ہے

پاک فضائیہ کا ہر شاہین مادروطن کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے اور ضرورت پڑنے پر کسی بھی قربانی سے گریز نہیں کرے گا

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ نے علامہ محمد اقبال کے یوم پیدائش کی مناسبت سے شاعرمشرق کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اقبال کی شاعری میں فکروخیال کی گہرائی ملتی ہے۔ تخلیق عرض پاک انہی کی فکری کاوشوں سے سرانجام پائی ہے ۔ نوجوان نسل کو شاہین کا تخاطب دے کر اقبال جہاں اس میں رفعت خیال، جذبہ عمل، وسعت نظری اور جرأت رندانہ پیدا کرنا چاہتے تھے وہاں(بقیہ نمبر 7)

الیکشن کمیشن کے مجوزہ ضابطہ اخلاق کا ابتدائی ڈرافٹ تیار

صدر، وزیراعظم، وزرا، عوامی عہدیدار انتخابی مہم میں حصہ نہیں لے سکیں گے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) عام انتخابات 2024 کے لیے الیکشن کمیشن کے مجوزہ ضابطہ اخلاق کا ابتدائی ڈرافٹ تیار کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق صدر، (بقیہ نمبر 23)

اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کی علامہ اقبالؒ کے مزار پر حاضری

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کو شاعر مشرق کے نام سے منسوب ہونے پر فخر ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

یونیورسٹی اقبال کے پیغام کو نئی نسل تک پہنچانے کے لئے سیمینارز اور کانفرنس کے انعقاد کے علاوہ ''کلیات اقبال'' پر ریسرچ جنرل بھی شائع کر رہی ہے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے شاعر مشرق' ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے146ویں یوم ولادت کے موقع پر ان کے مزار پر حاضری دی اور قبر پر پھولوں کی چادر چڑھا کر فاتحہ خوانی کی، وائس چانسلر نے ملکی سلامتی و ترقی کے لئے بھی دعا کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے زائرین کی کتاب میں اپنے تاثرات میں علامہ اقبال کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر ناصر محمود نے اقبال کے مزار حاضری کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اقبال کے فلسفے میں ہمارے(بقیہ نمبر 17)

لوہے کی قیمتوں میں 30ہزار روپے فی ٹن اضافہ

فی ٹن سریے کی قیمت 2لاکھ 70ہزار تک پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان میں لوہے کی قیمت میں30ہزار روپے فی ٹن اضافہ ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق عالمی مارکیٹ میں لوہے کی قیمتوں میں 50 ڈالر فی(بقیہ نمبر 9)

مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب

پاکستان نیوی نے رینجرز کی جگہ مزار اقبال پر گارڈز کے فرائض سنبھال لئے

لاہور(پیپانیوز) شاعرمشرق علامہ محمد اقبال کی یوم پیدائش کی مناسبت سے مزار اقبال پر جمعرات کے روزگارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں پاکستان نیوی کے چاک وچابند دستے نے مزار اقبال پر گارڈز کے فرائض سنبھالئے۔ (بقیہ نمبر 10)

پاکستان مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر چوہدری محمد سرور سے ڈاکٹر سید مہدی رضا ملاقات کر رہے ہیں

پولیس خدمت مراکز شہریوں کی خدمت کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل

78ہزار377شہریوں کو جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا

اسلام آباد (این این آئی) پولیس خدمت مراکز شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، پولیس خدمت مراکز نے 78ہزار 377 شہریوں کو جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا، شہری گاڑیوں کی ویریفکیشن، (بقیہ نمبر 24)

پاکستان نیوی کے اسٹیشن کمانڈر لاہور کموڈور ساجد حسین مزار اقبال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں، پاکستان نیوی نے مزار اقبال پر گارڈ کی ذمہ داری سنبھال لی

اوورسیز پاکستانیوں پر لکھی گئی سید منتظر امام رضوی کی کتاب کی تقریب رونمائی

دیار غیر میں مقیم کمیونٹی کی خدمات پر کتاب لکھ کر مصنف نے قلم کا حق ادا کرنے کے ساتھ پاکستان کا مثبت چہرہ اجاگر کیا

پاکستانی کمیونٹی سمیت میڈیا نمائندگان کا انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے قیمتی وقت دیکر حوصلہ افزائی کی مصنف منتظر امام رضوی

گوجرخان (قمر شہزاد) پوٹھوہاری کیمونٹی متحدہ عرب امارات کے زیر اہتمام سید منتظر امام رضوی کی پوٹھوہاری کتاب تھرتی، ناں، مانڑ، کی تقریب رونمائی یہ کتاب خطہ پوٹھوہار کے اوورسیز پاکستانیوں پر لکھی گئی ہے جس میں دیار غیر میں مقیم پوٹھوہار سے تعلق رکھنے والی وہ شخصیات جنہوں نے دنیا بھر میں بیرون ممالک میں نمایاں کردار ادا کیا اور پاکستان کا مثبت چہرہ اجاگر کیا ان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا اور پوٹھوہاری کیمونٹی کی طرف سے یادگار شیلڈ بھی دی گئیں پوٹھوہاری زبان کی پہلی کتاب کو بین الاقوامی سطح پہ خوب(بقیہ نمبر 11)

انسداد ڈینگی کنٹرول کے لئے فوگنگ کا عمل جاری

اسلام آباد میں بڑھتے ڈینگی بخار کی وجہ سے ڈینگی وائرس سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا بھی ضروری ہے

ڈینگی کی روک تھام کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات بہتر بنائے جائیں، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز میٹرو پولیٹن کارپوریشن ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کی زیرنگرانی ہیلتھ کی ٹیموں کا مختلف علاقوں میں انسداد ڈینگی کنٹرول کے لیے فوگنگ کا عمل جاری، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کی زیر نگرانی اسلام آباد کے گورنمنٹ سکولز، کچی آبادیوں، پھل گراں، بھارہ کہو اور جی سیون اسلام آباد میں فوگنگ کروائی گئی، (بقیہ نمبر 25)

ایم کیوایم اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں سے دوسری ملاقات طے

لیگی رہنماؤں کا وفد رواں ہفتے کراچی جائیگا، دیگر سیاسی رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کرے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اور متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں کے درمیان دوسری ملاقات طے ہوگئی۔ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری

24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 11 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 11(بقیہ نمبر 19)

ہولی فیملی ہسپتال کی تزئین وآرائش کا کام بھی جاری کردیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے بعد ہولی فیملی ہسپتال کی تزئین و آرائش کا کام بھی جاری کردیا گیا ہے، علاج ومعالجہ کے لیے صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول فراہم کرنے کے لیے ہولی فیملی ہسپتال میں بلا خرتزئین (بقیہ نمبر12)

اسٹیشن کمانڈر پاکستان نیوی لاہور کموڈور ساجد حسین مزار اقبال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گوجرہ میں مال گاڑی پٹڑی سے اتر گئی، ٹرینوں کی آمدورفت میں خلل

گوجرہ (این این آئی) ٹوبہ روڈ کے قریب مال گاڑی کی ایک بوگی پٹڑی سے اتر گئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق کوئلے سے بھری مال گاڑی کراچی سے لاہور جا رہی تھی کہ گوجرہ میں ٹوبہ روڈ کے(بقیہ نمبر14)

انوارالحق کاکڑ کی آذربائیجان کے صدر الہام علیوف سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات خصوصا دوطرفہ تجارت، دفاع اور توانائی کے شعبے میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا

تاشقند (پیپانیوز) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے اقتصادی تعاون تنظیم کے16ویں سربراہی اجلاس کے موقع پر آذربائیجان کے صدر الہام علیوف سے (بقیہ نمبر 13)

علامہ اقبال نے اپنی شاعری سے امت مسلمہ کو یکجہتی کا پیغام دیا

آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے اشتراک سے ٹیبلوز، تقریری مقابلے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پنجاب آرٹس کونسل میں آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے اشتراک سے ٹیبلوز، تقریری مقابلے اور کلام اقبال کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا مقابلوں کے مہمان خصوصی مسز ناہید منظور، وقار احمد ڈائریکٹر آرٹس کونسل اور شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد خان تھے۔ شاہد جمیل منہاس اور سید عادل(بقیہ نمبر 26)

جیکب آباد میں غیرت کے نام پر سسر کے ہاتھوں بہو اور نوجوان قتل

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں غیرت کے نام پر سسر کے ہاتھوں بہو اور نوجوان قتل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے قریب بقا محمد تھانہ کی حدود گاؤں آچر جکھرانی میں غیرت کے نام پر خاتون سمیت (بقیہ نمبر 27)

وزیر مملکت برائے سیاحت وصی شاہ لندن میں ٹریول مارٹ کے موقع پر میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کر رہے ہیں

سوئی گیس ناردرن کا گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 102 گیس کنکشن منقطع

476 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کیے گئے اور 64لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے

کارروائی کے دوران پکڑا گیا غیرقانونی کنکشن

لاہور(نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 102 گیس کنکشن منقطع کردیے، 476انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کردیے گئے ۔ جبکہ 64لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیرقانونی استعمال پر 07 گھریلو کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 5 کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ 207انڈر بلنگ کیسز کا پروسیس/اندراج کیے گئے اور14لاکھ 50ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے ۔ بہاولپور میں (بقیہ نمبر15)

تھانہ سیکرٹریٹ اور تھانہ سمبل پولیس ٹیموں کی کارروائیاں

چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہوں کے تین ارکان گرفتار

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سیکرٹریٹ اور تھانہ سمبل پولیس ٹیموں نے موثر کارروائیاں کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہوں کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مسروقہ ایل ای ڈی و دیگر گھریلو سامان برآمد، ملزمان کے خلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 20)

ملازمین وکرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ''ناک دی ڈور'' مہم کا سلسلہ جاری

تھانہ بھارہ کہو کی حدود میں362 گھروں کے168 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کرلیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے "Knock the door"مہم کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ بھارہ کہو کی حدود میں362 گھروں کے168 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی(بقیہ نمبر 21)

چین کی ڈیجیٹل معیشت کا پیمانہ 50.2 ٹریلین یوآن تک پہنچ گیا

بیجنگ (این این آئی) 2023 ورلڈ انٹرنیٹ کانفرنس کی ووچن سمٹ کی اطلاعات کے مطابق 2012 سے 2022 تک چین کی ڈیجیٹل معیشت کا پیمانہ 11 ٹریلین یوآن سے بڑھ کر50.2 ٹریلین یوآن ہوگیا ہے۔ جمعرات کو چینی میڈیا کے مطابق گزشتہ (بقیہ نمبر28)

ایف آئی اے راولپنڈی کی بڑی کارروائی، بدنام زمانہ انسانی سمگلر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی نے ڈپٹی ڈائریکٹر کامران عامر خان کی زیرنگرانی چھاپہ مار ٹیم نے واہ کینٹ میں کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ انسانی سمگلر گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی کے مطابق چھاپہ مار ٹیم میں ریحانہ کوثر انسپکٹر، شمس خان گوندل سب انسپکٹر، فواد صادق ہیڈ کانسٹیبل اور کشف الرحمٰن (بقیہ نمبر 30)

اے ایس آئی ملک نذر عباس انچارج پولیس چوکی کھیوڑہ کا شاندار کارنامہ

مسجد سے ساؤنڈ چوری کرنے والے ملزمان کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا

پنڈدادنخان: کھیوڑہ (سرفراز عباس سے)تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب کھیوڑہ میں محلہ کشمیریاں کی جامع مسجد سے چوراعلیٰ قسم کا جدید ساؤنڈ اور ساتھ نقدرقم بھی چرا کے لے گئے تھے چوکی انچارج کھیوڑہ ملک نذر عباس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بروقت کاروائی کرتے ہوئے جدید سائنٹفک طریقہ کار کو عمل میں لاتے ہوئے ملزموں کو گرفتار کر کے(بقیہ نمبر 29)

ad Khan
Chancellor
صوبائی وزیرزراعت ایس ایم تنویر کاشتکاروں میں گندم کے تصدیق شدہ بیجوں کے تھیلے تقسیم کر رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

انتخابی، سیاسی جوڑ توڑ کا خوش آئند آغاز

الیکشن کمشن کی جانب سے عام انتخابات کے لئے آئندہ سال آٹھ فروری کی تاریخ باقاعدہ نوٹیفائی ہونے کے بعد ملک میں انتخابی مہم کا بھی باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے اور مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی اور انتخابات میں حصہ لینے والی دوسری سیاسی جماعتیں اپنے اپنے پارٹی منشور کے ساتھ انتخابی میدان میں اتر رہی ہیں۔ ان جماعتوں کے مابین تنہا پرواز کی حکمتِ عملی بھی چل رہی ہے۔ ماضی جیسے انتخابی اتحادوں کے تانے بنانے بھی بنے جارہے ہیں اور بعض سیاسی جماعتوں کے مابین سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے امکانات بھی نظر آ رہے ہیں۔ انتخابی سرگرمیوں میں تیزی سپریم کورٹ کی زیر ہدایت آٹھ فروری کو ہر صورت پولنگ کی یقین دہانی کی بنیاد پر پیدا ہوئی ہے چنانچہ ملک واپس آنے کے بعد مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف نے بھی گزشتہ روز باضابطہ طور پر اپنی سیاسی سرگرمیوں کا آغاز کیا اور کرپشن پر احتساب اور معاشی بہتری کو اپنے پارٹی منشور کی اولین ترجیح کے طور پر پیش کیا۔ انہوں نے مسلم لیگ (ن) سیالکوٹ کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا کہ 1999ئسے ترقی کا سفر نہ روکا جاتا تو پاکستان آج ایشین ٹائیگر ہوتا۔ ان کی مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سیکرٹریٹ میں آمد پر سابق وزیراعظم میاں شہباز شریف نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔ مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز بھی ان کے ہمراہ تھیں۔

میاں نواز شریف نے اس موقع پر پارٹی عہدیداروں کو الیکشن کی بھرپور تیاری کی ہدایت کی۔ اسی طرح پیپلز پارٹی اور پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے قائدین آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری نے بھی سندھ سے اپنی پارٹی کی انتخابی مہم کا باضابطہ آغاز کردیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا دعویٰ ہے کہ اس بار وزیراعظم لاہور سے نہیں ہوگا جبکہ آصف علی زرداری اگلا وزیراعظم بلاول بھٹو زرداری کو بنتا دیکھ رہے ہیں تاہم سیاسی انتخابی سرگرمیوں کے آغاز پر آصف علی زرداری کے میاں نواز شریف کے ساتھ رابطے کی خبریں بھی گزشتہ روز زیر گردش رہیں جس کے بارے میں بلاول بھٹو زرداری نے وضاحت کی آصف زرداری اور میاں نواز شریف کے مابین رابطہ اور ملک بچانے کے لئے مل کر چلنے پر اتفاق پرانی بات ہے۔ بعض ذرائع کا کہنا ہے کہ میاں نواز شریف اور آصف علی زرداری کے مابین عوام کو ریلیف کے لئے اہم فیصلوں پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ اس سے بادی النظر میں یہی محسوس ہوتا ہے کہ سابق حکمران اتحاد پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں اور پیپلز پارٹی کے مابین انتخابی اتحاد یا سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے امکانات موجود ہیں اور اس صورت میں ایک دوسرے کے خلاف بلیم گیم کی سیاست سے بہرصورت گریز کیا جائے گا جس کی آج ملکی سیاست میں ضرورت بھی ہے۔ اس وقت انتخابی مہم کے حوالے سے سب سے مشکل حالات کا سامنا ہے۔

نظر صاحب کی یاد میں

نظر کے سامنے

ڈاکٹر جمشید نظر

nazarjamshaid@gmail.com

شیکسپیئر کا کہنا ہے کہ کچھ لوگ پیدا ہی عظیم ہوتے ہیں اور کچھ اپنی جدوجہد اور کارناموں کی بدولت عظمت حاصل کرلیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ دونوں خوبیاں ایک ایسے بچے کو عطا فرمادیں جو بڑا ہوکر ملک کی ایک نامور شخصیت بن گیا۔ اس بچے کو پڑھائی کا شوق بچپن سے ہی تھا۔ بدقسمتی سے اس کے والد کا انتقال ہوگیا اور گھریلو حالات اس قدر خراب ہوگئے کہ تعلیمی اخراجات پورے کرنا ناممکن ہوگیا۔ ننھے طالب علم نے ہمت نہ ہاری اور ہاکر (اخبار فروش) کے طور پر کام کرنا شروع کردیا۔ اب ننھا طالب علم سحری کے وقت اُٹھتا، نماز پڑھتا اور سیدھا اخبار مارکیٹ سے اخبار لے کر لوگوں کے گھروں میں اخبار پھینکتا اور پھر سکول روانہ ہوجاتا۔ اخبار مارکیٹ سے جس دن اخبار لیٹ ملتے تو ننھا طالب علم بھی سکول سے لیٹ ہوجاتا جس پر اُسے ماسٹر صاحب سے ہاتھوں پر ڈنڈے کھانے پڑجاتے لیکن ننھے طالب علم نے کبھی بھی ماسٹر صاحب کو سکول لیٹ آنے کی اصل وجہ نہیں بتائی کیونکہ اُسے ڈر تھا کہ کہیں اس بات پر اسے سکول سے نکال نہ دیا جائے۔

اب قدرت کہیں یا اتفاق، ننھے طالب علم کو اسی ماسٹر صاحب کے گھر بھی اخبار دینا ہوتا تھا لیکن ماسٹر صاحب کو معلوم نہ تھا کہ ہاکر ان کے سکول کا طالب علم ہے کیونکہ ننھا طالب علم اپنے منہ پر مفلر یا کوئی کپڑا لپیٹ کر ماسٹر صاحب کے گھر اخبار پھینک کر جلدی سے چلا جاتا تھا۔ ایک دن اخبار مارکیٹ سے اخبار پھر لیٹ ملا، ننھا طالب علم جب ماسٹر صاحب کے گھر اخبار پھینکنے گیا تو وہ غصہ سے باہر کی طرف آئے تا کہ ہاکر کو اخبار دیر سے لانے پر ڈانٹ ڈپٹ کرسکیں۔ ادھر ماسٹر صاحب کو غصہ میں اپنی طرف آتا دیکھ کر ننھا طالب علم گھبرا گیا اور بوکھلاہٹ میں اپنی سائیکل کو واپس موڑنے لگا تو اس کے منہ پر لپٹا ہوا مفلر کھل گیا۔ ماسٹر صاحب نے دور سے ہی ہاکر کا چہرہ دیکھ کر اسے پہچان لیا تھا کہ یہ ان کا سٹوڈنٹ ہے۔ جب تک ماسٹر صاحب اس کے پاس پہنچتے، ہاکر ڈر کر سائیکل پر بیٹھا اور وہاں سے چلا گیا۔ اخبار گھروں میں پھینکنے کے بعد ننھا طالب علم جب سکول پہنچا تو اسے دیر ہوچکی تھی۔ جماعت کے اندر داخل ہونے کے لئے اس نے ماسٹر صاحب سے اجازت مانگی "سر، کیا میں اندر آسکتا ہوں" ماسٹر صاحب اسے اجازت دینے کی بجائے اٹھے اور چھڑی لے کر اس کی جانب بڑھے۔ اس سے پہلے کہ ماسٹر صاحب قریب آکر کچھ بولتے، ننھے طالب علم نے چھڑی کھانے کے لئے اپنے ہاتھ آگے کردیے۔ یہ دیکھ کر ماسٹر صاحب کی آنکھوں میں آنسو آگئے، انھوں نے ننھے طالب علم کے ہاتھوں کو چوم لیا اور بولے "جو بچہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے اتنی سخت محنت کرے وہ پٹائی کا نہیں بلکہ پیار کا حقدار ہے، اسی طرح محنت کرتے رہو ایک دن اللہ تعالیٰ تمھیں ضرور بڑا آدمی بنادے گا۔" اُس دن کے بعد سے ماسٹر صاحب نے کبھی بھی ننھے طالب علم کو نہ مارا بلکہ دیر سے آنے پر اسے پچھلا سبق بھی یاد کروا دیتے۔ ماسٹر صاحب نے اپنے ہونہار طالب علم کو بڑا آدمی بننے کی جو دعا دی تھی وہ ایک دن پوری ہوگئی۔ ننھا طالب علم بڑا ہوکر اخبار فروش سے ایک سینئر صحافی، شاعر و ادیب بن گیا۔ وہ ننھا طالب علم غلام محی الدین نظر مرحوم تھے جنھوں نے کم عمری سے ہی تعلیم کے ساتھ ساتھ محنت مشقت کو جاری رکھا۔

کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ ایک کم عمر بچہ جو گھر گھر اخبار پھینکتا ہے ایک دن اسی اخبار میں ایک بڑا افسر لگ جائے گا۔ غلام محی الدین نظر صاحب نے سکول کے تعلیمی میگزین میں نثر اور شاعری لکھنا شروع کردی، سکول کے پرنسپل نے انھیں میگزین کا انچارج مقرر کردیا۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ نظر صاحب روزنامہ امروز اور دیگر قومی روزناموں میں کام کرنے کے بعد روزنامہ مشرق لاہور میں بطور سینئر ایڈیٹر کام کرنے لگے۔ نظر صاحب نے پہلی مرتبہ کسی روزنامہ میں بچوں کے لئے خصوصی ہفتہ وار ایڈیشن "بچوں کا مشرق" متعارف کرایا جس میں ایسی دلچسپ اور سبق آموز تحریریں شائع ہوتی تھیں کہ اسے نہ صرف بچے بلکہ بڑے بھی شوق سے پڑھتے تھے۔ وہ "بچوں کے بھائی جان" کے نام مشہور تھے۔ شاعری میں ان کا تخلص "نظر" تھا۔ معاشرے کی اصلاح کا پہلو مدنظر رکھتے ہوئے انھوں نے ریڈیو پاکستان اور پاکستان ٹیلی ویژن کے لئے کئی یادگار سکرپٹ لکھے۔

غلام محی الدین نظر صاحب کا شمار لاہور پریس کلب کے ان بانیوں میں سے ہوتا ہے جنھوں نے صحافیوں کی تنظیم کو منظم کرنے کا خواب دیکھا۔ صحافتی و ادبی خدمات پر انھیں بے شمار ایوارڈز اور تعریفی اسناد سے بھی نوازا گیا۔ اکیڈمی ادبیات پاکستان سمیت متعدد ادبی و صحافتی تنظیموں سے وابستہ رہے اور اپنی تحریروں کے ذریعے ہمیشہ ملک و قوم کے لئے صحافتی و ادبی خدمات انجام دیتے رہے۔ نظر صاحب کو دانت کا انفیکشن ہوا جو کینسر بن کر جان لیوا ثابت ہوا۔ 11 اور 12 نومبر 1992 کی درمیانی شب میں اُن کا انتقال لاہور میں ہوا، انھیں قبرستان میانی صاحب میں حضرت طاہر بندگیؒ کے مزار کے احاطہ میں سپرد خاک کیا گیا۔ انمول ہسپتال میں آخری مرتبہ انھوں نے بیڈ کے پاس رکھے کاغذ کے ٹکڑے پر لکھا "رہبر کا مرید"، یعنی اپنے رب کا بندہ۔ غلام محی الدین نظر صاحب آج اس دنیا میں نہیں ہیں لیکن ان کی تحریریں آج بھی زندہ ہیں اور جب تک یہ تحریریں زندہ رہیں گی، کوئی بھی غلام محی الدین نظر صاحب کو بھلا نہ سکے گا۔

روزانہ ایک کپ چائے ذیابطیس کے امکانات کو کم کرتی ہے، تحقیق

ہیمبرگ (سی ایم لنکس) ایک تحقیق میں معلوم ہوا ہے کہ چائے کا استعمال ٹائپ 2 ذیابطیس میں مبتلا ہونے کے امکانات کو 28 فی صد تک کم کر دیتا ہے۔ آسٹریلیا کی یونیورسٹی آف ایڈیلیڈ اور چین کی ساؤتھ ایسٹ یونیورسٹی کے محققین نے چین سے تعلق رکھنے والے 1923 افراد کی روزانہ چائے پینے کی عادت کا مطالعہ کیا۔ تحقیق میں دو اقسام کے افراد شامل ہوئے، ایک وہ جو چائے کے عادی نہیں تھے اور دوسرے وہ جو ایک ہی قسم کی چائے پیا کرتے تھے۔ ماہرین کے مطابق چائے میں ایسے اینٹی آکسیڈنٹ اور انسداد سوزش اثرات ہوتے ہیں جو انسولین کی حساسیت کو بہتر کردیتے ہیں۔ یہ اثرات بالخصوص ڈارک ٹی (قدیم چائے جس کو بنانے کے لیے اندرونی طور کیمیائی تبدیلیاں لائی جاتی ہیں) میں زیادہ پائے گئے۔ تحقیق کے شرکا سے ان کے چائے پینے کے معمول (یعنی کبھی نہیں، کبھی کبھار سے اکثر اور روزانہ) اور چائے کی قسم (سبز، سیاہ، ڈارک یا کوئی دوسری) کے متعلق پوچھا گیا۔ بعد ازاں اکٹھے کیے گئے اس ڈیٹا کا جائزہ ان افراد کے پیشاب میں شوگر کی مقدار، انسولین کی مزاحمت اور گلائیسمک اسٹیٹس (یعنی ٹائپ 2 ذیابطیس کی تاریخ، انسداد ذیابطیس ادویات کا موجودہ استعمال یا 75 گرام اورل گلوکوز ٹالرینس ٹیسٹ) جاننے کے لیے کیے جانے والے ٹیسٹ کے نتائج کے حساب سے کیا گیا۔ تحقیق کے مطابق روزانہ چائے پینے کا تعلق پیشاب میں گلوکوز کے اخراج میں اضافے اور انسولین کی مزاحمت میں کمی سے تھا، جس سے معلوم ہوا کہ پری ڈائبیٹیز (بیماری سے پہلے کا مرحلہ) اور ٹائپ 2 ذیابطیس کے امکانات کم تھے۔ ذیابطیس میں مبتلا افراد عموماً رینل گلوکوز ری ایبزاربشن میں مبتلا پائے گئے۔ اس کیفیت میں گردے گلوکوز کو جمع کر کے رکھتے ہیں، پیشاب کے ذریعے خارج نہیں کرتے اور بلڈ شوگر کی بلند سطح کا سبب بنتے ہیں۔ جرمنی کے شہر ہیمبرگ میں منعقد یورپین ایسوسی ایشن فار اسٹڈی آف ڈائبیٹیز کے سالانہ اجلاس میں پیش کی جانے والی تحقیق میں بتایا گیا کہ وہ لوگ جو ایک کپ چائے سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

یوم اقبال اور ہمارا پاکستان

میری بات/ روحیل اکبر

پاکستان کا خواب دیکھنے والے اور شاعر مشرق سر ڈاکٹر علامہ اقبال کا 146واں یوم ولادت 9 نومبر کو منایا جاتا ہے۔ ملت اسلامیہ کو لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری جیسی آفاقی فکر دینے والے بیسویں صدی کے عظیم صوفی شاعر، قانون دان اور تحریک پاکستان کی اہم ترین شخصیت ڈاکٹر سر علامہ اقبال 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے علامہ اقبال جدید دور کے صوفی شاعر تھے انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے امت مسلمہ میں انقلابی روح بیدار کی ان کی شاعری میں تصوف اور احیائے اسلام کا رنگ نمایاں تھا سر علامہ اقبال کی شاعری کی کتب کی انگریزی، جرمن، روسی، فرانسیسی، چینی، جاپانی اور دیگر زبانوں میں تراجم شائع ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے دنیا بھر میں آپ کو عظیم مفکر تسلیم کیا جاتا ہے۔ سر علامہ محمد اقبال کا بطور سیاستدان عظیم ترین کارنامہ نظریہ پاکستان کی تشکیل ہے یہ نظریہ بعد میں پاکستان کے قیام کی بنیاد بنا سر ڈاکٹر علامہ اقبال نے قیام پاکستان کو آنکھوں سے نہیں دیکھا وہ پاکستان کی آزادی سے قبل 21 اپریل 1938ء کو انتقال کر گئے تھے قیام پاکستان کے بعد ان کے عظیم کارناموں کے اعتراف میں انہیں قومی شاعر کا درجہ دیا گیا لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ جو حشر ہم نے قائداعظم کی بہن محترمہ فاطمہ جناح کے ساتھ کیا تھا اسے الیکشن ہروایا کتے کے گلے میں انکی تصویریں ڈالی اور غداری کا لیبل لگایا اس سے بھی برا حشر ہم نے علامہ اقبال کی اولاد کے ساتھ کردیا کیا ہم شروع سے ہی محسن کش تھے یا بعد میں ہمیں بنایا اس پر کبھی موقعہ ملا تو کھل کر لکھوں گا فلحال تو یہ بتانا تھا آج جس شخصیت کا ہم یوم ولادت منا رہے ہیں اسی کے گھر کا دروازہ توڑ کر ہم اندر گھسے تھے اور علامہ اقبال کی 80 سالہ بہو اور پوتے کو گریبان سے پکڑ کر گھسیٹا تھا ہم کیسی قوم ہیں کہ محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو مرتے دم تک گھر میں نظر بند رکھا جن لوگوں نے پاکستان کے لیے جدوجہد کی نعرے لگائے کہ لے کے رہیں گے پاکستان، جن لوگوں نے بلا خوف و خطر جلسے کیے، جلوس نکالے اور پھر آخر میں اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کیا اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی قربانی دی لاشوں سے بھری ہوئی ٹرین کا لاہور ریلوے اسٹیشن پر استقبال کیا وہ سب کے سب غریب لوگ تھے جنکی بے لوث قربانیوں کے بعد پاکستان بنا اور آج اسی پاکستان میں غریب کو بے عزت کیا جاتا ہے غریب کو لوٹا جاتا ہے غریب کو مارا جاتا ہے غریب کو ان پڑھ اور جاہل رکھا جاتا ہے اور تو اور غریب کے ووٹ سے ایوان اقتدار میں آنے والے پھر غریبوں کو روندنا شروع کردیتے ہیں حکمران امیر سے امیر تر ہوتے گئے اور پاکستان بنانے والی عوام غریب سے غریب تر ہوتی گئی غریب عوام کے نام پر قرضے لیے گئے اور آج صورتحال یہ ہے کہ آج پاکستان کے مجموعی قرضوں کی مالیت 64ہزار ارب کی نئی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے عمران خان کی حکومت کو ختم کرکے آنے والے پی ڈی ایم ٹولے نے بھی اگست 2023 میں 2ہزار 218ارب روپے کے نئے قرض لیے جسکے بعد پاکستان پر مقامی قرضوں کا بوجھ 24فیصد اضافے سے 39ہزار 792ارب جبکہ بیرونی قرضوں کی مالیت اگست 2023 میں 24ہزار 175ارب روپے ہوگئی تھی ہمارے حکمران ہاتھوں میں کشکول لیے دنیا بھر میں امداد کے لیے گھومتے ہیں لیکن کہیں سے کچھ نہیں ملتا سوائے قرضوں کی بھیک کے ان حکمرانوں کی وجہ سے عوام بھی بھکاری بن گئی ابھی حال ہی میں ایک سروئے ہوا جسے پڑھ کر حیرت ہوئی کہ ہم نے اب تک صرف بھکاری ہی پیدا کیے اور پھر انکی حوصلہ افزائی کی اس رپورٹ کے مطابق 24 کروڑ سے زائد آبادی والے ملک میں 3 کروڑ 80لاکھ بھکاری ہیں جس میں 12فیصد مرد، 55فیصد خواتین، 27فیصد بچے اور بقایا 6فیصد سفید پوش مجبور افراد شامل ہیں ان بھکاریوں کا 50فیصد کراچی، 16فیصد لاہور، 7 فیصد اسلام آباد اور بقایا دیگر شہروں میں پھیلا ہوا ہے کراچی میں روزانہ اوسط بھیک 2ہزار روپے، لاہور میں 1400روپے اور اسلام آباد میں 950روپے ہے پورے ملک میں فی بھکاری آمدن اوسط 850روپے ہے روزانہ بھیک کی مد میں یہ بھکاری 32ارب روپے لوگوں کی جیبوں سے نکال لیتے ہیں سالانہ یہ رقم 117 کھرب روپے بنتی ہے اگر ڈالر کی نظر میں دیکھیں تو پھر یہ رقم تقریبا 2 4ارب ڈالر بنتی ہے یہ بھکاریوں کی پاکستان میں آمدن ہے جنھوں نے اپنے کاروبار کو ترقی دینے کے لیے بیرون ممالک کارخ بھی کررکھا ہے خاص کر سعودی عرب میں پاکستانیوں بھکاریوں کا بہت سے تعداد موجود ہے سنا ہے اب وہاں کی حکومت پاکستانی بھکاریوں کے خلاف سخت پالیسی اپنا لی ہے اسی طرح ہمارے سرکاری ملازمین بھی اپنی تنخواہ کے ساتھ اربوں روپے صرف غریب ریڑھی والوں کی جیبوں سے نکال رہے اس سے اوپر کے کاروباری حضرات افسران کو کیا کیا دیتے ہونگے اس کا اندازہ آپ ریڑھی والوں کے بعد خود اندازہ لگالیں میں یہاں صرف ایک چھوٹی سے مثال دیتا ہوں پورے پاکستان پر آپ اسے تقسیمکر کے دیکھ لیں کہ کتنے پیسے سرکاری افسران لوٹ رہے ہیں لاہور کا ایک ٹاؤن شالامار ہے جہاں بہت سی تاریخی اور نادر چیزیں بھی ہیں خاص کر شالامار باغ اور تاریخی مقبرے اس ٹاؤن کی حیثیت نمایاں کرتے ہیں اس ٹاؤن کی حدود میں لاکھوں دوکانیں اور کاروباری افراد ہیں آپ گڑھی شاہو کا پل اتر کر جیسے ہی جی ٹی روڈ پر چڑھتے ہیں تو اس روڈ پر سینکڑوں افراد رھڑی لگائے کھڑے ہوتے ہیں جن پر سبزیاں، پھل اور مختلف اشیاء لگی ہوتی ہیں اسی روڈ پر آپ کو سڑک کے اوپر ہی بہت سے مچھلی فروخت کرنے والے بھی نظر آئیں گے اسکے علاوہ شالامار ٹاؤن کی حدود میں درجنوں بازار بھی آتے ہیں فیکٹریاں، کارخانے اور درجنوں ناجائز فروش بھی اسی علاقے میں اپنا کاروبار کرتے ہیں کہتے ہیں ناں کہ دیگ میں سے چند چاول چکھنے سے پوری دیگھ کا اندازہ ہوجاتا ہے اسی طرح آپ لوگوں کو صرف بتانے کے لیے ایک چھوٹی سی مثال دے رہا ہوں اسکے بعد آپ اسے پورے ملک کے حساب سے دیکھ لیں کہ ہم کیا کررہے ہیں یو ای ٹی سے داروغہ والا تک تقریبا 1500ریڑیاں لگتی ہیں ان سے ہمارے ٹاؤن کے ملازمین ہر ماہ ایک ہزار سے 25سو روپے تک وصول کرتے ہیں جو تقریبا 20لاکھ روپے ماہانہ بنتے ہیں اس میں مچھلی فروش، فٹ پاتھ قبضہ گروپ، فیکٹریاں، ناجائز فروش اور قبضہ گروپ شامل نہیں ہیں جن سے بھی ہمارے شیر جوان ہر ماہ باقاعدگی سے بھتہ وصول کرتے ہیں یہ وہ علامہ اقبال کا پاکستان جسکا خواب انہوں نے دیکھا تھا اور اس ملک کو ہم نے لوٹ مار کی آماجگاہ بنادیا جو حشر شالامار ٹاؤن کا ہے وہی پورے پاکستان کا اوپر سے نیچے تک کرپشن ہی کرپشن ہے جو نہیں کرتا وہ بھوک، افلاس اور غربت سے جنگ کررہا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

خود پر سنگین الزامات لگنے کے بعد زندہ نہیں رہنا چاہتی تھی، آئمہ بیگ

منگیتر کو دھوکا دینے اور برطانوی مرد ماڈل سے تعلقات جیسے سنگین الزامات لگائے گئے

کراچی (این این آئی) معروف گلوکارہ آئمہ بیگ نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے ڈپریشن کے باعث ایک بار خودکشی کرنے کی کوشش کی تھی اور میں خود پر متعدد سنگین الزامات لگنے کے بعد مزید زندہ نہیں رہنا چاہتی تھی۔ آئمہ بیگ نے ایک حالیہ انٹرویو میں ڈپریشن، آرتھرائٹس کی بیماری میں مبتلا رہنے، لوگوں کی جانب سے منگیتر کو دھوکا دینے اور برطانوی مرد ماڈل سے تعلقات جیسے سنگین الزامات لگانے جیسے معاملات پر بات کی۔ انہوں نے والدہ سے اپنی محبت سمیت ان کی بیماری پر بھی کھل کر بات کی اور بتایا کہ ان کی والدہ کا کینسر سے انتقال ہوا

میرے بیٹے اور سلیم کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا، ماہرہ خان

ماہرہ نے خوش خبری سنائی کہ وہ جلد شادی کی مزید ویڈیوز اور تصاویر بھی شیئر کریں گی

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے اپنی شادی پر نیک تمنائیں اور محبت بھری دعائیں دینے والوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے اُن سے اپنے، بیٹے اذلان اور شوہر سلیم کریم کیلیے دعاؤں کی اپیل کی ہے۔ انسٹاگرام پر شیئر کیے گئے اپنے ایک پیغام میں ماہرہ نے لکھا کہ 'میں مسلسل اللہ کا شکر ادا کر رہی ہوں، آپ سب کا بھی شکریہ جس پیار اور محبت سے دعائیں بھیجیں۔ ماہرہ نے خوش خبری سنائی کہ وہ جلد شادی کی مزید ویڈیوز اور تصاویر بھی شیئر کریں گی۔ انہوں نے اپنے چاہنے والوں اور ساتھی اداکاروں سے اپیل کی کہ 'آپ میرے، اذلان اور سلیم کیلیے بھی دعا کریں۔

مردوں سے آج کل ایک بیوی نہیں سنبھالی جاتی، درفشاں سلیم

میرا ذاتی خیال ہے کہ مردوں کو زیادہ شادیاں کرنے کی اجازت نہیں ہوتی

لاہور (سی ایم لنکس) اداکارہ درفشاں سلیم نے کہا ہے کہ مردوں سے آج کل ایک بیوی نہیں سنبھالی جاتی چار شادیاں کیا کریں گے۔ ایک انٹرویو کے دوران اداکارہ نے کہا کہ میرا ذاتی خیال ہے کہ مردوں کو زیادہ شادیاں کرنے کی اجازت نہیں ہوتی لیکن جو آج کل حالات ہیں مردوں سے ایک بیوی نہیں سنبھالی جاتی وہ چار شادیاں کیا کریں گے۔ سوال کا جواب دیتے ہوئے درفشاں سلیم نے کہا کہ وہ بوائے فرینڈز بنانے پر یقین نہیں رکھتیں، میرا نہ تو کوئی بوائے فرینڈ ہے نہ ہی کوئی افیئر، میں براہ راست شادی کروں گی، خواہش ہے کہ بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف کی طرح رومانس کیے بغیر شادی کرلوں۔ فلموں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے درفشاں کا کہنا تھا کہ فلم سازوں کو تعداد کے بجائے مواد پر توجہ دینی چاہیے۔

تھیٹر کیلئے بھی اصلاحات کی ضرورت ہے، نسیم وکی

لاہور (این این آئی) سینئر کامیڈین اداکار، رائٹر و ڈائریکٹر نسیم وکی نے کہا ہے کہ کوئی بھی کام اپنی حدود میں رہ کر کیا جائے تو اس کے مثبت نتائج برآمد ہوتے ہیں، ماضی میں اسٹیج پر ایسے اصلاحی ڈرامے پیش کیے جا چکے ہیں جو آج بھی لوگوں کے ذہنوں پر نقش ہیں۔ ایک انٹرویو میں نسیم وکی نے کہا کہ جب فلم، ٹی وی اور اسٹیج کے بارے میں بات کی جائے تو کچھ لوگ عجیب منطق پیش کرتے ہیں کہ لوگ اب یہی دیکھنا چاہتے ہیں لیکن میں اسے درست نہیں سمجھتا۔ ماضی قریب میں ایسے اسٹیج ڈرامے پیش کیے جا چکے ہیں۔

دیشا پٹانی ساتھی اداکار سشانت سنگھ کی یاد میں آج بھی افسردہ

اداکارہ نے فلم ''مہندرا سنگھ دھونی'' کی ریلیز کے 7 سال بعد ایک درد بھرا پیغام لکھ دیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ دیشا پٹانی نے اپنے آنجہانی ساتھی اداکار شوشانت سنگھ کیلیے فلم ''مہندرا سنگھ دھونی'' کی ریلیز کے 7 سال بعد ایک درد بھرا پیغام لکھا ہے۔ اداکارہ دیشا پٹانی نے اپنے انسٹاگرام پر اس فلم میں سشانت سنگھ راجپوت کے ساتھ فلمائے گئے اپنے ایک سین کا کلپ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ ہندی سنیما میں میری پہلی فلم کے یہ خوب صورت لمحات تھے، اس خوبصورت سفر پر میں آپ کی شکرگزار ہوں۔ دیشا نے سشانت کو یاد کرتے ہوئے مزید لکھا کہ ایسے لوگوں سے پورے دل سے پیار کریں اور ان کی قدر بھی کریں جو آپ کو خوش اور محفوظ رکھتے ہیں۔ اپنے پیغام میں اداکارہ نے کہا کہ زندگی افسوس کے لیے بہت مختصر ہے، ہم آپ کو الوداع نہیں کہہ سکے مگر مجھے امید ہے کہ آپ خوش اور سکون سے ہوں گے۔

امیتابھ بچن مشکل میں، اداکار پر 10 لاکھ روپے جرمانہ



ممبئی (پیپانیوز) بالی ووڈ کے بگ بی امیتابھ بچن مشکل میں پڑ گئے، گمراہ کن اشتہار کی وجہ سے اداکار پر 10 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کردیا گیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق کنفیڈریشن آف آل انڈیا ٹریڈرز (CAIT) نے بگ بلین ڈیز سیل (Big Billion Days Sale) پر بننے والے اشتہار کے خلاف شکایت درج کروائی ہے، اس اشتہار میں بالی ووڈ اسٹار امیتابھ بچن کو سیل کی نمائش کرتے ہوئے دِکھایا گیا ہے۔ کنفیڈریشن آف آل انڈیا ٹریڈرز (CAIT) نے سینٹرل کنزیومر پروٹیکشن اتھارٹی (CCPA) سے اپنی شکایت میں اس اشتہار کو گمراہ کن قرار دیتے ہوئے اشتہار کو واپس لینے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

رجنی کانت نئی فلم 'تھلیوَر' میں کیسے نظر آئیں گے؟ پوسٹر جاری

فلم میں امیتابھ بچن، فہد فاضل اور رانا دگوبتی بھی شامل ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارت کے سپر اسٹار رجنی کانت نئی فلم 'تھلیوَر' میں کیسے نظر آئیں گے؟ پہلا پوسٹر جاری ہوگیا۔ فلم میں امیتابھ بچن، فہد فاضل اور رانا دگوبتی بھی شامل ہیں جن کے پوسٹر پہلے ہی جاری ہوچکے ہیں۔ رجنی کانت کا پوسٹر پروڈکشن ہاؤس نے ٹوئٹر پر شیئر کیا اور کہا کہ ہم فلم کی شوٹنگ سے متعلق مزید اپ ڈیٹس کے ساتھ دوبارہ حاضر ہوں گے۔ فلم کے پوسٹر میں رجنی کانت نے سیاہ لباس پہنا ہوا ہے جبکہ سیاہ دھوپ کا چشمہ بھی لگا رکھا ہے۔ 'تھلیوَر' میں اسٹار اداکار سابق پولیس اہلکار کا کردار ادا کریں گے، کہا جا رہا ہے کہ یہ فلم ایک جعلی پولیس مقابلے سے متعلق ہے۔

SPORTS سپورٹس

مقبول آرائیں کی پاکستان ٹین پن باؤلنگ کے صدر اعجاز الرحمٰن سے ملاقات

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے پاکستان ٹین پن باؤلنگ کے صدر اعجاز الرحمٰن سے کراچی میں ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل رانا تنویر احمد بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن کو کراچی میں جاری پاکستان اوپن ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کی ملک میں ٹین پن باؤلنگ کے کھیل کی ترقی کیلئے کیے جانے اقدامات کو بھی سراہا ہے۔ اس موقع پر پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے مقبول آرائیں کو پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے لئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کرکے ملکی کے لئے نئے ٹیلنٹ اور کھلاڑی سامنے لا رہی اس ٹیلنٹ سے سپورٹس فیڈریشنز کو فائدہ اٹھانا چاہیے۔

بھارت کو الگ گیندیں دی جا رہی ہیں،، شامی برہم

شرم کرو، کھیل پر فوکس کرو نہ کہ فالتو بکواس پر، کبھی تو دوسروں کی کامیابی کو انجوائے کیا کرو

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بولر محمد شامی نے سابق پاکستانی کرکٹر حسن رضا کے آئی سی سی اور بی سی سی آئی پر جانبداری کے الزامات پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کو الگ گیندیں دی جارہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کچھ روز قبل نجی ٹی وی چینل کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے حسن رضا نے کہا تھا کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ جب بھارتی ٹیم بلے بازی کرتی ہے تو وہ واقعی اچھی بلے بازی کرتے ہیں اور جب بھارتی ٹیم بولنگ کرتی ہے تب گیند مختلف ہوجاتی ہے، اس کے علاوہ ڈی آر ایس بھی ان کے حق میں گیا۔ حسن رضا نے کہا تھا کہ سراج اور شامی جس طرح گیند کو سوئنگ کر رہے تھے اس سے ایسا لگ رہا تھا کہ آئی سی سی یا بی سی سی آئی انہیں دوسری اننگز میں مختلف اور مشکوک گیندیں دے رہے ہیں، گیند کا معائنہ کرنے کی ضرورت ہے، سوئنگ کے لیے گیند پر کوٹنگ کی ایک اضافی تہہ بھی ہوسکتی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں وسیم اکرم نے اس حوالے سے تبصرہ کیا اور اس بیان کو غلط قرار دیا۔ وسیم اکرم نے کہا کہ یہ تمام باتیں مضحکہ خیز ہیں، ایسی باتیں کرکے اپنی بستیاں تو دنیا میں کراتے ہیں ہماری نہ کرائیں، یہ بہت عام چیز ہے، جو ٹیم ٹاس جیتتی ہے اور بولنگ کرتی ہے تو پھر امپائر آتا ہے اور 12 گیندوں والا ڈبا ہوتا ہے جس میں سے بولنگ کرنے والی ٹیم 2 گیندوں کا انتخاب کرتی ہے، امپائر کے ساتھ اور بھی لوگ ہوتے ہیں جیسے کہ ریفریز وغیرہ۔ بھارتی بولر محمد شامی نے حسن رضا کے وائرل کلپ کی ویڈیو انسٹاگرام کی اسٹوری پر شیئر کی۔ اور لکھا کہ شرم کرو، کھیل پر فوکس کرو نہ کہ فالتو بکواس پر، کبھی تو دوسروں کی کامیابی کو انجوائے کیا کرو، یہ آئی سی سی ٹورنامنٹ ہے، آپ کا لوکل ٹورنامنٹ نہیں، آپ کھلاڑی ہی تھے نا؟ شامی نے کہا کہ وسیم بھائی نے سمجھایا ہے، پھر بھی، اپنے کھلاڑی وسیم اکرم پر یقین نہیں ہے آپ کو؟ آپ تو اپنی ہی تعریف کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔

آمنہ سلڈیرا نے پاکستان اوپن ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ میں خواتین کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

کراچی (این این آئی) آمنہ سلڈیرا نے پاکستان اوپن ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ میں خواتین کا ٹائٹل جیت لیا جبکہ عائشہ سلڈیرا اور ارم جہاں نے دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان، سینئر نائب صدر خواجہ احمد مستقیم، سندھ ٹین پن باؤلنگ ایسوسی ایشن کے صدر علیم آغا اور پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ لیڈی سنگلز مقابلوں میں آمنہ سلڈیرا نے 402 پوائنٹس کے ساتھ لیڈی سنگلز کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا ہے جبکہ عائشہ سلڈیرا نے 384 پوائنٹس کے ساتھ دوسری اور ارم جہاں نے 326 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ گریڈ کے مقابلوں میں کبیر شاہ نے 583 پوائنٹس کے ساتھ گریڈ کا ٹائٹل جیتا جبکہ محمد سبحان نے 548 پوائنٹس کے ساتھ دوسری اور خواجہ فراز نے 512 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ بوائز انڈر 24 کے مقابلوں میں علی نعمان نے 623 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ انیب خالد شفیع نے 596 پوائنٹس کے ساتھ دوسری اور ایاس بھٹی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب 12 نومبر کو ہوگی جس میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے انضمام الحق کا استعفیٰ قبول کرلیا

انضمام الحق نے قومی مینز سلیکشن کمیٹی اور جونیئر سلیکشن کمیٹی کے سربراہ کے عہدے سے استعفیٰ 30 اکتوبر کو دیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انضمام الحق کا استعفیٰ قبول کرلیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ نے سابق کپتان انضمام الحق کا چیف سلیکٹر کے عہدے سے استعفیٰ منظور کرلیا۔ انضمام الحق نے قومی مینز سلیکشن کمیٹی اور جونیئر سلیکشن کمیٹی کے سربراہ کے عہدے سے استعفیٰ 30 اکتوبر کو دیا تھا۔ سابق کپتان انضمام الحق کو 7 اگست 2023 کو قومی مینز سلیکشن کمیٹی کا چیف سلیکٹر مقرر کیا گیا تھا اور گزشتہ ماہ کے شروع میں انہیں جونیئر مینز سلیکشن کمیٹی کا چیئرمین بھی مقرر کیا گیا تھا۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق سابق چیف سلیکٹر انضمام الحق نے ٹی وی پروگرام میں کرکٹ بورڈ قوانین کے منافی گفتگو کی تھی، پاکستان کرکٹ بورڈ انضمام الحق سے متعلق تحقیقات جاری رکھے گا۔ سابق چیف سلیکٹر نے ٹی وی انٹرویو میں کہا تھا کہ وہ پی سی بی کے ساتھ مزید کام نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ اُن کے رویے سے شدید ناخوش ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ انضمام الحق کے استعفیٰ کے بعد ان کی سلیکشن کمیٹی کا برقرار رہنا بھی مشکل ہے۔ انضمام الحق نے کہا تھا کہ ورلڈ کپ کے دوران الزامات تو لگا دیے گئے لیکن بورڈ اب انکوائری کے لیے نہیں بلا رہا نہ رابطہ کر رہا ہے اور نہ ای میلز کا جواب دے رہا ہے، نہ بورڈ یہ بتا رہا ہے کہ کس چیز کی انکوائری ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی کی جانب سے میرا استعفیٰ منظور نہ ہونے کا بھی ٹی وی سے علم ہوا، ذکا اشرف اپنی ذمے داری دوسروں پر ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

انگلینڈ اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ نہیں کھیلا، عبدالرزاق

بنگلا دیش کی ٹیم میں کچھ ایسے کھلاڑی ہیں جنہیں نہیں ہونا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر عبدالرزاق نے کہا ہے کہ انگلینڈ اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ نہیں کھیلا۔ عماد وسیم نے کہا کہ انگلینڈ کو ہلکا نہیں لینا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں عبدالرزاق نے کہا کہ بنگلا دیش چیمپئنز ٹرافی نہیں کھیلے گا، بنگلا دیش کی ٹیم میں کچھ ایسے کھلاڑی ہیں جنہیں نہیں ہونا چاہیے۔ بالوں سے متعلق سوال کے جواب میں عبدالرزاق نے کہا کہ میں نے 2004 میں بال بڑے رکھے ہوئے تھے، بالنگ کرتے ہوئے بال آنکھ پر لگے پھر میں نے چھوٹے کروالیے۔

انگلینڈ سے پاکستان کو خطرہ نہیں ہے ،اسے ہلکا نہیں لینا چاہیے، عماد وسیم

اسلام آباد (این این آئی) سابق کپتان عماد وسیم نے کہا ہے کہ انگلینڈ سے پاکستان کو خطرہ نہیں ہے لیکن اسے ہلکا نہیں لینا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ نہیں کہوں گا کہ بابر اعظم نے اچھی یا بری کپتانی کی۔ بالوں سے متعلق سوال کے جواب میں عماد وسیم نے کہا کہ بڑے بال رکھ کر پریشانی نہیں ہوتی۔

فرنٹ لائن اسپنر کی حیثیت سے کھیلا لیکن وکٹیں نہیں لے سکا

کوشش بہت کی ،کامیابی نہیں ملی، سمجھ نہیں آیا پرفارمنس کیوں نہیں ہوئی، اسامہ میر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے لیگ اسپنر اسامہ میر نے کہا ہے کہ بہت کوشش کی تاہم میچز میں کامیابی نہ مل سکی، سمجھ نہیں آیا پرفارمنس کیوں نہیں ہوئی۔ ایک انٹرویو میں اسامہ میر نے کہا کہ کولکتہ میں فیملی کے لیے شاپنگ کی، فیملی کے لیے شاپنگ کرنا اچھا لگتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرنٹ لائن اسپنر کی حیثیت سے کھیلا لیکن وکٹیں نہیں لے سکا، تسلیم کرتا ہوں جو امید تھی اس طرح بولنگ نہیں کرسکا، کوشش بہت کی لیکن کامیابی نہیں ملی، پریکٹس میں دوبارہ محنت کررہا ہوں۔ قومی اسپنر نے کہا کہ کنڈیشن تو مختلف نہیں تھیں لیکن سمجھ نہیں آیا کہ پرفارمنس کیوں نہیں ہوئی، کوشش یہ ہی ہے جب دوبارہ موقع ملے گا تو اچھی پرفارمنس دکھاؤں، جیت کے ساتھ ڈریسنگ روم کا ماحول پازیٹو ہوجاتا ہے،

اٹلی، چیمپئنز لیگ کے میچ سے قبل شائقین میں پھوٹ، 11 گرفتار

روم (این این آئی) اٹلی میں چیمپئنز لیگ کے میچ سے قبل فٹ بال کے شائقین میں تشدد پھوٹ پڑا جس کے نتیجے میں برلن کے 11 حامیوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ چینی میڈیا کے مطابق نیپلز کے پولیس چیف ماریزیو ایگریکولا نے میڈیا کو بتایا کہ گزشتہ روز ایس ایس سی نیپولی اور ایف سی یونین برلن کے درمیان یورپی فٹ بال ایسوسی ایشنز کی یونین چیمپئنز لیگ کے میچ سے قبل یونین برلن کے تقریباً 300 شائقین نے نیپلز کے علاقے پیازا ڈینٹ کے ارد گرد کاروں اور سٹور فرنٹ کو نقصان پہنچایا۔

بقیہ 1

ذریعے آمد ورفت کے لئے گاڑی کا انتخاب بھی کیا جا سکے گا۔ سکیورٹی سروسز ہائر کرنا ممکن ہوگا، ٹورز کے دوران سکھ یاتریوں کو وی آئی پی کا درجہ حاصل ہو گا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سکھ یاتریوں کی بھرپور رمہمان نوازی کی جائے گی۔ سکھ یاتریوں کو پاکستان آنے پر کوئی دشواری نہیں ہوگی۔ پنجاب میں مذہبی ٹورازم کے فروغ کے لئے ٹورازم پولیس بھی قائم کی جائے گی۔ ،ڈاکٹر ممبال سنگھ، ممبر پربندھک کمیٹی نے اس موقع پر کہا کہ ''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' کے قیام پر وزیراعلیٰ محسن نقوی کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ سکھ یاتری سال میں 4مرتبہ پاکستان آتے ہیں، اب بہت آسانی ہو گی۔ پاکستان آنے والے سکھ یاتری محبتوں فراموش نہیں کر سکتے۔ پاکستان سے واپس جانے والے سکھ یاتری پیار کے گن گاتے ہوئے بےلوث سفارتکار بن جاتے ہیں۔ سکھ رہنما نے کہا کہ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سکھ یاتریوں کے لئے ''سکھ یاترا بکنگ پورٹل'' قائم کرکے دل جیت لئے ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات و سیاحت عامر میر، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، سیکرٹریز ٹورازم، اطلاعات، کمشنر لاہور، سی سی پی او، ایم ڈی ٹی ڈی سی پی، جی ایم ٹی ڈی سی پی اور ایڈیشنل سیکرٹری وقف املاک بورڈ اس موقع پر موجود تھے۔ سکھ برادری کی ممتاز شخصیات چیئرمین پاکستان گوردوارہ پربندھک کمیٹی سردار امیر سنگھ، ڈاکٹر ممبال سنگھ، گوپال سنگھ چاؤلہ، سردار رنجیت سنگھ، سردار سربیت سنگھ، جنم سنگھ، کلیان سنگھ کلیان، مہندر سنگھ، سردار بشان سنگھ اور سردار گوبند سنگھ نے افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ 2

نمونے میں پولیو وائرس ملا۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق پولیو وائرس افغانستان میں وائی بی 2 اے وائرس کلسٹر سے تعلق رکھتا ہے۔ نگران وفاقی وزیرصحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا کہ پولیو وائرس کی موجودگی سے ہر بچے کو خطرہ ہے، 5سال سے کم عمر کے بچوں کو یہ وائرس عمر بھر کے لیے معذور بنا سکتا ہے، پولیو کا کوئی علاج نہیں، صرف ویکسین ہی بچوں کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔ ڈاکٹر ندیم جان نے والدین سے اپیل کی کہ اپنے گھر آنے والے پولیو ورکر کا خیر مقدم کریں، اپنے بچوں کو زندگی بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو کے قطرے ضرور پلائیں۔ نگران وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پاکستان میں پولیو سرویلینس کا نظام مؤثر کام کررہا ہے، حکومت پولیو کے خاتمےکیلیے مربوط بنیادوں پر اقدامات کو یقینی بنا رہی ہے۔

بقیہ 3

محمد اقبالؒ کے مزار کی اپ گریڈیشن کا پلان طلب کر لیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزار اقبالؒ کی بحالی اور بہتری کے لئے فوری طور پر اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ علامہ محمد اقبالؒ جیسی عظیم شخصیت کے مزار کو بھی ان کے شایان شان ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے مزار اقبالؒ کے اندر پرانے اور خستہ حال ماربل کو تبدیل کرنے کی ہدایت کی اور مزار اقبالؒ کی دیواروں اور چھت کے اندرونی حصے کو اصل حالت میں بحال کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ بادشاہی مسجد کے بیرونی حصے کو بھی اصل حالت میں بحال کیا جائے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ڈی جی والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کو بادشاہی مسجد کی بحالی کے جاری پراجیکٹ میں بیرونی حصہ ترجیحی بنیادوں پر بحال کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے شاہی قلعہ کے عالمگیری دروازے کے قریب شاہی قلعہ کیفے کے قیام کے لئے جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا اور عالمگیری دروازے سے ملحق ڈیوڑھی کو سیاحوں بالخصوص بیرون ملک سے آنے والے ٹورسٹ کے لئے پرکشش بنانے کا حکم دیا۔ ڈی جی والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کامران لاشاری نے بریفنگ دی۔ صوبائی وزراء منصور قادر، عامر میر، اظفر علی ناصر، بلال افضل، ابراہیم مراد، صوبائی مشیر کنور دلشاد، انسپکٹر جنرل پولیس، سیکرٹریز اطلاعات، اوقاف، ٹورازم، کمشنر لاہور ڈویژن، سی سی پی او، ڈپٹی کمشنر اور دیگر متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 4

کے حصول کیلئے دن رات محنت کریں جس کے تحت اقبال کے پاکستان میں ادارے مضبوط، عوام باشعور اور معیشت اس قدر مستحکم ہو کہ پاکستان معاشی طور پر قرضوں کی زنجیروں سے آزاد ہو جائے، مجھے اپنی قوم، بالخصوص نوجوانوں پر پورا اعتماد ہے کہ وہ اقبال کی امیدوں پر پورا اتریں گے۔ شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یوم پیدائش پر اپنے پیغام میں نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا کہ آج مجھ سمیت پوری قوم شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا 146واں یوم پیدائش بڑی عقیدت واحترام سے منا رہی ہے، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے نوجوانانِ برصغیر کو اپنے آباؤاجداد کی لازوال قربانیوں، ان کی دنیا کے ہر شعبے میں گراں قدر خدمات، ان کی عظمت، ترقی پسندیت اور ندرت فکر کی کھوئی ہوئی میراث سے روشناس کرایا۔

بقیہ 5

سے بڑی کاوش کو ظاہر کر کے نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق ایکسپو، جو 2018 سے شنگھائی میں ہر سال منعقد ہوتی ہے، بین الاقوامی تجارت اور تعاون کو فروغ دینے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ شنگھائی میں قونصل جنرل حسین حیدر نے کہا کہ اس پروقار تقریب میں پاکستان کی فعال شرکت چین کے ساتھ اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانے اور تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چھٹی سی آئی ای ای میں پاکستان کی شرکت کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کی توجہ اپنی متنوع برآمدی مصنوعات کو فروغ دینے پر مرکوز ہے۔ چمڑے اور سرجیکل آلات سے لے کر زرعی سامان اور دستکاری تک، پاکستان نے اپنے شاندار ثقافتی ورثے اور معاشی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے، متحرک ڈسپلے اور جدید مصنوعات سے مزین پاکستانی پویلینز نے نمائش کنندگان اور زائرین کی توجہ اپنی جانب مبذول کرائی ہے۔

بقیہ 6

اقبال کی زندگی پر مختلف پہلوؤں کو اجاگر کریں گے۔ شاعر مشرق کی تحریک پاکستان کیلئے جدوجہد کو اچھے انداز میں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے وفاقی حکومت نے یوم اقبال کی مناسبت سے 9نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال 9نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے ابتدائی تعلیم اپنے آبائی شہر میں حاصل کی اور 1905 میں برطانیہ چلےگئے اور پھر وکالت کی تعلیم لینا شروع کردی۔ وکالت کرنے کے بعد اپ جرمنی چلے گئے جہاں انہوں نے فلسفہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ ڈاکٹر محمد اقبال نے 1910 میں وطن واپسی کے بعد وکالت کے ساتھ سیاست میں بھی حصہ لینا شروع کیا اور اپنی شاعری کے ذریعے سیاسی طور پر مسلمانوں کو خواب غفلت سے جگایا، 1934 کو مسلم لیگ کے مرکزی پارلیمانی بورڈ کے رکن بنے تاہم طبیعت نے ان کا ساتھ نہ دیا اور وہ قیام پاکستان سے 9برس قبل 21 اپریل 1938 کو لاہور میں وفات پاگئے۔

بقیہ 7

اس کے جذبۂ تجسس کی بھرپور تکمیل بھی چاہتے تھے۔ شاہین جو پرندوں کی دنیا کا درویش ہے، اپنی خودی پہچانتا ہے، تجسس اس کی فطرت اور جھپٹنا اس کی عادت ہے۔ وہ فضائے بسیط کا واحد حکمران ہے جو فضاؤں اور بلندیوں سے محبت کرتا ہے۔ دستاویزی فلم میں اس عہد کی تجدید کی گئی ہے کہ پاک فضائیہ کا ہرشاہین مادروطن کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے اور ضرورت پڑنے پر کسی بھی قربانی سے گریز نہیں کرے گا۔

بقیہ 8

لئے دعا کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے غزہ اور مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کی آزادی کے لئے بھی خصوصی دعا کی۔ چیئرمین رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا عبدالخبیر آزاد نے دعا کرائی۔ وزیراعلیٰ نے عظیم مفکر اور شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبالؒ نے اپنی شاعری کے ذریعے امن اور بھائی چارے کا پیغام دیا۔ علامہ اقبالؒ کے افکار پرعمل پیرا ہو کر کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ علامہ اقبالؒ کا پیغام امید اور خودداری کا ہے۔ صوبائی وزراء منصور قادر، عامر میر، اظفر علی ناصر، ابراہیم حسن مراد، بلال افضل، صوبائی مشیر کنور دلشاد، انسپکٹر جنرل پولیس، سی سی پی او، سٹیشن کمانڈر پاکستان نیوی لاہور، سیکرٹری سیاحت، سیکرٹری اطلاعات، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 9

ٹن اضافہ ہوا ہے جس سے پاکستان میں لوہے کی قیمت میں 30ہزار روپے فی ٹن اضافہ ہوا۔ اضافے کے بعد فی ٹن سریے کی قیمت 2لاکھ 70ہزار ہوگئی ہے، ملک بھر میں تعمیراتی سامان کی قیمتوں میں بڑا اضافہ دیکھا گیا ہے۔

بقیہ 10

پاکستان نیوی کے اسٹیشن کمانڈر لاہور کموڈور ساجد حسین تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ پاکستان نیوی کے اسٹیشن کمانڈر لاہور نے گارڈ میں شامل پاکستان رینجرز اور پاک بحریہ کے دستوں کا معائنہ کیا اور سلامی لی۔ گارڈ کی تعیناتی کے بعد قومی شاعر کے مزار پر امیرالبحر ایڈمرل نوید اشرف، پاک بحریہ کے افسران، سیلرز اور نیوی سویلینز نے پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔

بقیہ 11

پذیرائی کا اعزاز حاصل ہوا تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جبکہ نظامت کے فرائض ابوظہبی سے تشریف فرما معروف شخصیت جناب عابد قاضی نے ادا کئے تقریب میں شرکا نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہم منتظر رضوی کے مشکور ہیں جنہوں نے دیار غیر میں مقیم افراد پر قلم اٹھایا ہے اوورسیز پاکستانیوں نے دیار غیر میں رہ کر ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کیا ہے انکی خدمات کو سراہتے ہوئے ان پر کتاب لکھ کر مصنف نے اپنے قلم کے ذریعے حق ادا کیا ہے متحدہ عرب امارات کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت جناب غلام مصطفےٰ مغل کی میزبانی اور انٹرنیشنل جرنلسٹ و معروف کاروباری شخصیت جناب عبدالرحمٰن رضا اور دوبئی کی معروف سماجی وفلاحی شخصیت جناب راجہ عبدالغفور لالہ کی نگرانی نے تقریب کو چار چاند لگا دیئے اس پروقار تقریب میں حاجی فضل حسین سردار سجاد حیدر صاحب قاضی عابد حسین صاحب راجہ عابد حسین راجہ ظفر حسین امتیاز کیانی راجہ طلت حسین سرفراز مغل اخلاق ملک چودری نعیم شمس، زاہد سلطان، حافظ عثان اظہر بھٹی اور خاص کر چکوال کمیونٹی یو اے ای جناب ملک تصدق حسین اعوان، چودھری نثار چکرال، حافظ اکرام کرسال، جناب چوہدری محمد ثقلین مہر و ملک عزیر اور سماء نیوز، 92نیوز، امارات ٹی وی، دنیا نیوز، کے ٹو ٹی وی، خیبر نیوز اور ائیر ٹی وی کے علاوہ دیگر میڈیا پلیٹ فارمز نے بھرپور کوریج دی اس موقع پر سید منتظر امام رضوی نے تقریب میں شرکت کرنے والے تمام اوورسیز پاکستانیوں سمیت میڈیا نمائندگان کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ سب کا انتہائی مشکور وممنون کہ آپ سب نے اپنا قیمتی ٹائم نکالا اور تشریف لائے یہ پل پوری زندگی یاد رہیں گے بلا شبہ ایک یادگار اور خوبصورت نشست ہوئی اللہ پاک سب دوستوں کو اور خاص کر پوٹھوہاری کمیونٹی یو اے ای کو ہمیشہ خوش وخرم رکھے اور آپ سب اسی طرح پیار ومحبت کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ جڑے رہیں

بقیہ 12

وآرائش کا کام شروع کر دیا گیا شہری بھی کہتے ہیں اچھا اقدام ہے، بارہ سو بیڈ پر مشتمل ہسپتال میں تزئین وآرائش کے کام کے باعث مریضوں کو دیگر الائیڈ ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا، ڈی ایم ایس ڈاکٹر علی کہتے ہیں ادویات سمیت ڈاکٹر بھی تینوں ہسپتال میں سروسز دے رہے ہیں۔ عوام کے ٹیکسوں سے اکٹھے کیے گئے ایک ارب 55 کروڑ روپے کے فنڈ سے ہسپتال کو تو بہتر بنایا جا رہا ہے تاہم اس کی دیکھ بھال کی ذمہ داری اب ہسپتال انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے۔

بقیہ 13

ملاقات کی، دونوں رہنماں نے دوطرفہ تعلقات خصوصا دوطرفہ تجارت، دفاع اور توانائی کے شعبے میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا۔ جمعرات کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے ازبکستان کے دارالحکومت تاشقند میں اقتصادی تعاون تنظیم کے 16ویں سربراہی اجلاس کے موقع پر جمہوریہ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف سے ملاقات کی، دونوں رہنماں نے دوطرفہ تعلقات خصوصا دوطرفہ تجارت، دفاع اور توانائی کے شعبے میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے آذربائیجان ایئر لائن کے پاکستان کے لیے براہ راست فلائٹ آپریشن کے اعلان کا خیر مقدم کیا اور اسے کاروبار، سیاحت اور لوگوں کے درمیان تبادلوں کو بڑھانے کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا۔ وزیراعظم اور آذربائیجان کے صدر نے اسلاموفوبیا اور موسمیاتی تبدیلی سمیت دیگر مشترکہ چیلنجز، علاقائی تعاون اور اجتماعی خوشحالی کو فروغ دینے کے لیے ای سی او کے اہم کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماں نے غزہ میں انسانی بحران اور بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں بھارتی مظالم کی تازہ ترین صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے آذربائیجان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت بالخصوص کاراباغ کے حوالے سے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا بھی اعادہ کیا۔

بقیہ 14

قریب حادثے کا شکار ہوگئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق مال گاڑی کی بوگی پٹری سے اترنے کی وجہ سے ٹرینوں کی آمد و رفت میں خلل پیدا ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق مختلف اسٹیشنوں پر رحمان بابا، قراقرم ایکسپریس، پاکستان ایکسپریس اور ملت ایکسپریس کو بھی روک لیا گیا۔ ریلوے حکام کے مطابق بحالی کا کام شروع کردیا گیا اور جلد ٹریک بحال کردیا جائے گا۔

بقیہ 15

کمپریسر کے استعمال پر 5 کنکشن منقطع کیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 6 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 گیس کنکشن، کمپریسر کے استعمال پر 3 منقطع کرنے کے علاوہ 115انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے مزید ایک لاکھ 30ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور/کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 37 کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ 16 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے اور 13لاکھ سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔ راولپنڈی میں ریجنل ٹیم نے 1 گیس کنکشن منقطع کیے اور 50ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ مردان میں 30انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج ہوئے اور 50ہزار کے جرمانے بھی عائد کی گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 2 میٹر غیر قانونی استعمال جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیے جبکہ 21انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 1 منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 4 میٹر منقطع کیا اور کمپریسر کے استعمال پر ایک کنکشن منقطع کیا گیا جبکہ 9انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے اور 1لاکھ 30ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ شیخو پورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر22 کنکشن منقطع کیے اور45انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے ٹیم نے کارروائی کے دوران 31لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ٹیم نے کارروائی کے دوران سرگودھا میں کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 33انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے۔ سرگودھا میں 70ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ٹیم نے کارروائی کے دوران سیالکوٹ میں غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن منقطع، 80ہزار کے جرمانے عائد کیے۔ گجرات میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر ایک کنکشن منقطع کیا گیا۔

بقیہ 16

مسئلہ کے حل کے لئے کشمیریوں کا ساتھ دیں گے، بڑھتی عدم برداشت، تشدد اور دوسرے ممالک کے لوگوں کے خلاف نفرت خطے کے لیے خطرات ہیں جن سے نمٹنے کی ضرورت ہے، ای سی او اور عالمی برادری باہمی احترام، بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کو فروغ دیتے ہوئے اسلامو فوبیا کے خلاف سیاسی اور قانونی جدوجہد کے لیےمل کر کام کرے، خطہ اچھی طرح سے باہم مربوط رہا تو اس کے معاشی اور امن و امان کے لحاظ سے زبردست فوائد ہوں گے۔ جمعرات کو یہاں ای سی او کے 16ویں سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے تنظیم کے اہداف اور مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے اجتماعی اور تندہی سے کام کرنا بہت ضروری ہے، ہمارا خطہ اگر اچھی طرح سے باہم جڑا ہوا ہے تو ہمارے لوگوں کیلئے زبردست اقتصادی اور امن کے فوائد لا سکتا ہے۔ وزیراعظم نے خطاب میں ای سی او کی موجودہ تجارت اور حقیقی صلاحیت، غزہ کی انسانی صورتحال، مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی مظالم، اسلاموفوبیا کے ساتھ ساتھ علاقائی روابط کے ای سی او کے منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل، جغرافیائی روابط اور ثقافتی ورثے سے مالا مال ہونے کی وجہ سے ای سی او خطہ اپنی حقیقی تجارتی صلاحیت سے فائدہ اٹھانے میں اب تک قاصر رہا ہے کیونکہ اس کا عالمی تجارت میں خطے کی تجارت کا حصہ صرف دو فیصد اور باہمی علاقائی تجارت میں 8 فیصد حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2022 میں ای سی او ریجن کے اندر تجارت دنیا کے ساتھ 577 بلین ڈالر کے مقابلے میں 39 بلین ڈالر ریکارڈ کی گئی اور انٹر ریجن ایکسپورٹ بھی 46بلین ڈالر رہی۔ انہوں نے کہا کہ ای سی او وژن 2025 جسے اسلام آباد میں 13ویں ای سی او سربراہی اجلاس نے اپنایا تھا، اس میں علاقائی تجارت بڑھانے، رابطوں کو مضبوط بنانے، بڑے ٹرانسپورٹ کوریڈورز کو آپریشنل کرنے اور توانائی کی حفاظت پر زور دیا گیا تھا۔ عالمی اور علاقائی تجارت میں حصہ بڑھانے کے لیے بات چیت کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے غربت میں کمی کے علاوہ رکاوٹوں کو کم کرنے، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور ماحول دوست اور پائیدار پالیسیاں بنانے پر زور دیا۔ وزیراعظم نے باہمی تجارت اور رابطوں کو فروغ دینے کے حوالے سے ای سی او کی راہداری پر مبنی نقطہ نظر جیسے کرغزستان - تاجکستان - افغانستان - ایران (کتائی)، اسلام آباد - تہران - استنبول (آئی ٹی آئی)، قازقستان، ترکمانستان اور ایران (کے ٹی آئی) اور دیگر کی حمایت کی اور کہا کہ مربوط ٹرانسپورٹ منصوبے تعمیر و ترقی میں مدد کریں گے۔ انہوں نے 16ویں سربراہی اجلاس اور اس کی قیادت سنبھالنے پر ازبکستان کے صدر شوکت مرزیوف، آذربائیجان کے صدر الہام علییوف اور ای سی او کے سابق چیئرمین کو اجلاس کے انعقاد پر مبارک باد دی۔ انہوں نے سربراہان مملکت اور وفود کا اجلاس میں شرکت پر خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی نمائندگی میرے لئے بہت بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاشقند جیسے تاریخی شہر میں منعقد ہونے والا اجلاس بہت اہم ہے۔ انہوں نے ازبکستان کی حکومت اور قیادت کی جانب سے پاکستانی وفد کی پرجوش مہمان نوازی پر اظہار تشکر بھی کیا۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ میں آذربائیجان کو 27ویں وزراء کی کانفرنس پر مبارکباد دینا چاہتا ہوں جو 10اکتوبر 2023 کو منعقد ہوئی۔ کانفرنس کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں ای سی او کے تجارت، رابطوں میں اضافہ اور خطے میں انرجی سیکورٹی کے فروغ کے لئے گائیڈ لائنز فراہم کی گئیں۔ انوارالحق کاکڑ نے کہا کہ ہم سب کو مل کر کئے گئے فیصلوں عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے اسلامی جمہوریہ ایران کو 2024 کے لئے ای سی او کی صدارت سنبھالنے پر بھی مبارکباد دی اور کہا کہ آنے والے وقت میں ای سی او کے رکن ممالک کے علاوہ خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ اقتصادی رابطوں کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے اس امر کا یقین دلایا کہ پاکستان ایران کی ہر طرح ممکنہ معاونت کرے گا۔ انہوں نے اگست 2024 میں سبکدوش ہونے والے ای سی او کے سیکرٹری جنرل خسرو کوزیروف کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں تنظیم کے ایجنڈا پر عملدرآمد کے لئے خاطر خواہ اقدامات کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سیکرٹری جنرل پاکستان سے ہے۔ مجھے توقع ہے کہ تمام رکن ممالک سیکرٹری جنرل کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دیں گے تا کہ ای سی او کے اہداف اور مقاصد حاصل کئے جاسکیں۔

بقیہ 17

مستقبل کے لئے راہنمائی موجود ہے، اس لئے اقبال کے فلسفہ کو پڑھنے' سمجھنے اور ان سے استفادہ کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقبال ایک عالمگیر شاعر اور مفکر تھے جو انسانی اقدار اور اسلامی نظریے کی بنیاد پر ایک مہذب معاشرے کا قیام چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو علامہ اقبال کے خواب کی تعبیر اور نصیحتوں کو عملی شکل دینا ہوگی اور ہمارے تعلیمی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ نوجوانوں میں عقابی روح بیدار کریں۔ ڈاکٹر ناصر محمود کا کہنا تھا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کو شاعر مشرق کے نام سے منسوب ہونے پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فکرِ اقبال سے رجوع کرنا عہد حاضر کی ضرورت بن چکی ہے جس کے لئے یونیورسٹی نے اپنی مرکزی لائبریری میں "اقبال کارنر" قائم کیا ہے۔ انہوں نے نئی نسل پر زور دیتے کہا کہ اقبال کی شاعری کو پڑھنے اور سمجھنے کو اپنا مشغلہ بنالیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی اقبال کے پیغام کو نئی نسل تک پہنچانے کے لئے سیمینارز اور کانفرنس کے انعقاد کے علاوہ " کلیات اقبال" پر ریسرچ جرنل بھی شائع کررہی ہے۔

بقیہ 18

شریف کی ہدایت پراعلیٰ سطح کا وفد رواں ہفتے کراچی پہنچے گا۔ وفد ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے ملاقات کے علاوہ مسلم لیگ فنکشنل کی قیادت اور سندھ کی متعدد سرکردہ سیاسی شخصیات سے بھی رابطے کرے گا۔ ایم کیو ایم اور (ن) لیگ وفود کی ملاقات میں انتخابی اتحاد پر مشاورت ہوگی۔

بقیہ 19

جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 11 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، تھانہ سیکرٹریٹ پولیس ٹیم نے بغیر اجازت پٹرول فروخت کرنے پر ملزم محمد نعیم کو گرفتار کرلیا، تھانہ مارگلہ پولیس ٹیم نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم رحمداد کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 155 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیم نے ملزم احمد خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ شالیمار پولیس نے ملزم حمزہ تنویر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک بوتل شراب اور خنجر برآمد کرلیا، تھانہ رمنا پولیس ٹیم نے ملزم عزیز خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 566 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس ٹیم نے ملزم عابد بلال کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 20لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ کورال پولیس ٹیم نے پانچ ملزمان زینت اللہ، اصغر، عطااللہ، سلیم خان اور کامران خان کو گرفتار کرکے 3110 گرام چرس، دوعدد تیس بور پستول اور ایک عدد ایس ایم جی گن برآمد کرلی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کرکے مزید تفتیش جاری ہے، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سر گرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ یا "پکار15"-پرفوری اطلاع دیں۔

بقیہ 20

کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے مسروقہ ایل ای ڈی و دیگر گھریلو سامان برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزم کی شناخت محمد وقاص کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے خلاف مقدمہ درج ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ سیکرٹریٹ کے علاقے میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ سمبل پولیس ٹیم نے چوری کی وارداتوں میں ملوث دو ملزمان قدیم شاہ اور بارات خان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج، مزید تفتیش جاری ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھارہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا آئی سی ٹی-15ایپ پر اطلاع کریں۔

بقیہ 21

مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جاکر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنارہی ہیں، تاکہ شہر میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچاجاسکے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جاکر ملازمین وکرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جاکر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنارہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بہارہ کہو کے علاقے میں 362 گھروں کے 168 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جاسکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جاسکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہوکر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارلحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 22

کا سراغ کھو چکے تھے۔ انہوں اپنی شاعری ذریعے وہ قوت عمل پیدا کیا جس کے سہارے برصغیر کے مسلمانوں نے مایوسی کو شکست دی اور اپنی منزل کا تعین کیا۔ علامہ محمد اقبالؒ نے خطبہ الہ آباد میں تصور پاکستان پیش کر کے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی حاصل کرنے کی نئی روح پھونک دی جس سے ان کی مشترکہ منزل کی نشاندہی ہوئی۔ علامہ اقبالؒ نے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی کے حصول کیلئے عملی جدوجہد پر آمادہ کیا اور یہ اُسی جدوجہد کا صلہ ہے کہ آج ہم ایک آزاد، خودمختار اور جمہوری وطن میں مکمل مذہبی آزادی سے اپنی زندگیاں بسر کر رہے ہیں۔ محمد صادق سنجرانی نے مزید کہا کہ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اجتماعی سطح پر اس خودی کو زندہ کریں جس کا درس علامہ اقبالؒ نے دیا تھا۔ علامہ اقبالؒ کی فکر اللہ پر یقین، پختہ عزم، جہد مسلسل اور فلسفہ خودی کے اصولوں پر مشتمل ہے۔ یہی اصول آج بھی ہماری راہنمائی کرتے۔

بقیہ 23

وزیراعظم، وزرا، عوامی عہدیدار انتخابی مہم میں حصہ نہیں لےسکیں گے۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق مجوزہ ضابطہ اخلاق کے مطابق سینیٹرز و بلدیاتی نمائندے انتخابی مہم چلاسکیں گے، ترقیاتی اسکیموں کے اعلانات، عدلیہ، نظریہ پاکستان کے خلاف گفتگو، مہم پر بھی پابندی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ ضابطہ اخلاق میں کہا گیا کہ سیاسی جماعتیں اور امیدوار رشوت، تحائف یا کسی قسم کا لالچ نہیں دیں گے، سیاسی جماعتیں جنرل نشستوں پر 5 فیصد خواتین امیدواروں کو ٹکٹ دیں گی، جلسے، جلوسوں اور عوامی اجتماعات میں اسلحہ کی نمائش پر پابندی ہوگی، سرکاری خزانے سے سیاسی و انتخابی مہم چلانا بھی منع ہوگا۔ مجوزہ ضابطہ اخلاق کے مطابق سرکاری ذرائع ابلاغ پر جانبدارانہ کوریج پر پابندی ہوگی، سیاسی جماعتوں کو جلسوں کی اجازت انتظامیہ سے مشروط ہوگی، سرکاری وسائل کے انتخابی مہم میں استعمال پر پابندی ہوگی اور کار ریلیوں کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ فرقہ وارانہ، لسانیت پر مبنی گفتگو، کسی شہری کے گھر کے سامنے احتجاج یا دھرنے کی اجازت نہیں ہوگی، الیکشن ایجنٹ کا متعلقہ حلقے سے ہونا لازمی ہوگا جبکہ سرکاری املاک پر سیاسی جماعتوں کے جھنڈے لگانے پر پابندی ہوگی۔

بقیہ 24

کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن اور دیگر سہولیات استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز تشریف لا سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی سہولیات کیلئے جدید تکنیکی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بھرپور اقدامات اٹھارہی ہے

بقیہ 25

جس میں ڈی ایچ ایس، ڈی ایچ او آفس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز و مجسٹریٹس محکمہ صحت کی ٹیمیں، ایم سی آئی، یوسیز کی ٹیمیں و دیگر ادارے شامل ہیں، مزید برآں فوگنگ کروانے کی وجہ سے ڈینگی کے مریضوں میں کافی حد تک کمی دیکھی گئی ہے، ترجمان آئی سی ٹی کے مطابق ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں بڑھتے ڈینگی بخار کی وجہ سے ڈینگی وائرس سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا بھی ضروری ہے، انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ڈینگی کی روک تھام کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات بہتر بنائے جائیں۔

بقیہ 26

شاہ نے بطور جج اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ تقریب سے خطاب میں ناہید منظور نے کہا کہ علامہ محمد اقبال کی شاعری اردو زبان کی تاریخ میں ایک روشن باب کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے اپنے کلام کے ذریعے مسلمانانِ برصغیر کو سیاسی جلا بخشی، قوم کو خواب غفلت سے جگایا اور اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کرنے کا جذبہ بیدار کیا۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری سے امت مسلمہ کو یکجہتی کا پیغام دیا۔ علامہ اقبال کو دور جدید کا صوفی سمجھا جاتا ہے۔ شاعری میں بنیادی رجحان تصوف اور احیائے امت اسلام کی طرف تھا۔ اپسما شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد خان نے کہا کہ ڈاکٹر علامہ اقبال کے افکار اور نظریات پر عمل پیرا ہو کر امت مسلمہ عزت و وقار کی زندگی بسر کر سکتی ہے۔ فلسطین و کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کو ظلم سے نجات صرف اسی صورت میں مل سکتی ہے اگر امت مسلمہ اپنے اندر حریت فکر اور عزت کی زندگی گزارنے کا فیصلہ کرلے۔ راولپنڈی کے نجی تعلیمی اداروں کے درمیان ٹیبلوز کے مقابلوں میں سٹی لائیسیم سکول نے پہلی، رائزنگ سٹارز پبلک سکول نے دوسری، برائٹ لینڈ سیکنڈری سکول نے تیسری امبرین ایجوکیشنل ہب نے چوتھی پوزیشن اپنے نام کی۔ مقابلوں کے آخر میں پوزیشن حاصل کرنے والے سکولز اور بچوں میں شیلڈز اور تعریفی اسناد تقسیم کی گئی۔ جبکہ ممبر ڈے ارائے وصدر شمالی پنجاب اپسما ابرار احمد خان، ڈویژنل جنرل سیکرٹری اپسما عامر انوار اور ڈاکٹر قمر اقبال، مسز سکینہ تاج، شاہد یوسف، مسز لبنیٰ اور مسز امبرین نے بطور مہمانان اعزاز تقریب میں شرکت کی۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری سے امت مسلمہ کو یکجہتی کا پیغام دیا۔ فلسطین و کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کو ظلم سے نجات صرف اسی صورت میں مل سکتی ہے اگر امت مسلمہ اپنے اندر حریت فکر اور عزت کی زندگی گزارنے کا فیصلہ کرلے

بقیہ 27

دو افراد کو قتل کردیا گیا، حدود کی پولیس کے مطابق ملزم محمد عمر جکھرانی نے غیرت کے نام پر فائرنگ کرکے اپنی بہو شریفاں اور نوجوان دلشاد جکھرانی کو قتل کردیا گیا اور فرار ہوگیا، پولیس نے پہنچ کر لاشوں کو اپنی تحویل میں لیکر میں سول اسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثہ کے حوالے کردی۔ تاہم آخری اطلاعات تک ملزم گرفتار ہوسکا اور نہ واقعہ کا مقدمہ درج ہوسکا تھا۔

بقیہ 28

دہائی کے دوران، چین کے نیٹ ورک انفراسٹرکچر میں بہت بہتری آئی ہے، براڈ بینڈ نیٹ ورکس کی اوسط ڈاؤن لوڈ کی رفتار میں تقریباً40 گنا اضافہ ہوا ہے، اور دنیا کا سب سے بڑا فائیو جی نیٹ ورک تعمیر کیا گیا ہے۔ دسمبر 2012 سے جون2023 تک چین میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد564 ملین سے بڑھ کر 1.079 ارب ہوگئی۔ ڈیجیٹل ٹیکنیکی اختراعات کی کھپت اور آن لائن فروخت میں نمایاں پیش رفت حاصل ہوئی ہے۔ رواں سال کی پہلی تین سہ ماہیوں میں ملک بھر میں آن لائن خوردہ فروخت 10.8 ٹریلین یوآن رہی، جو11.6 فیصد کا اضافہ ہے۔ اس سال جون تک، چین میں آن لائن طبی سہولیات سے استفادہ کرنے والی صارفین کی تعداد 364 ملین تک پہنچ گئی، جو انٹرنیٹ صارفین کی کل تعداد کا 33.8 فیصد ہے، اور طبی خدمات زیادہ آسان، موثر اور اعلیٰ معیاری کی ہیں۔

بقیہ 29

بھاری مقدار میں چرس اور چوری شدہ سامان برامد کر کے ملزموں کے خلاف قانونی کاروائی شروع کر دی یاد رہے کہ ملزم اس سے پہلے بھی متعدد وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھے بروقت کاروائی کرنے اور ملزموں کو گرفتار کرنے پر سیاسی وسماجی حلقوں نے چوکی انچارج ASI ملک نذر عباس اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ 30

کانسٹیبل شامل ملزم محمد ظہیر نے متعدد متاثرین سے بیرون ملک ملازمت کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے بٹورے ملزم نے جاپان ملازمت کے نام پر متاثرین سے فی کس 11 سے 15 لاکھ روپے وصول کئے ملزم متاثرین سے پیسے بٹورنے کے بعد روپوش ہوگیا تھا، ملزم کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ 31

نظر، شعیب مرزا، اسعد نقوی، جبکہ دیگر میں حافظ محمد زاہد، محمد بلال، عمر شاہ، طیب نوید، محمد اویس، طارق محمود، ثمینہ بٹ، مدیحہ کنول، بحرش خان، علیمہ جبیں، ماہم زاہرہ، ساجدہ چوہدری، نبیلہ اکبر، اور دیگر شامل تھے۔ مقررین نے شرکاء کو حق اور سچ لکھنے کی تلقین کی۔۔۔ مقررین نے فلسطین میں جاری اسرائیلی مظالم کی بھی شدید الفاظ میں مزمت کی اور عالمی برادری کو اس معاملے میں اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیا۔ اس کے علاوہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والوں اور نمایاں خدمات سر انجام دینے والوں میں ایوارڈ، میڈل اور سٹوفکیٹ تقسیم کیے گئے اس کے علاوہ شرکاء میں بذریعہ قرعہ اندازی بھی انعامات تقسیم کیے گئے۔۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کے لیے پرتکلف لنچ کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔

بقیہ 32

وصولی کم ہے، وہاں ٹیکس پالیسی مؤثر بنا کر انفورسمنٹ کی تجویز دی گئی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے رواں سال کے اختتام کی ممکنہ ریونیو رپورٹ آئی ایم ایف کو دے دی ہے، جس پر آئی ایم ایف مشن 2روز تک جواب دے گا۔ آئی ایم ایف کو ٹیکس پالیسی اور انتظامی امور کے لیے قائم ٹاسک فورس پر بھی بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شارٹ فال ہوا تو ریٹیلرز پر فکسڈ ٹیکس عائد کیا جاسکتا ہے۔ ایف بی آر دسمبر کے بعد ریٹیلرز پر ٹیکس عائد کرنے کے اختیارات استعمال کرسکتا ہے، تاہم ٹی شعبے پر ٹیکس کے لیے صوبوں سے مشاورت کرنا لازمی ہے۔

بقیہ 33

چوہدری فیصل نامی نوجوان بزرگ شہری پر تھپڑوں اور مکوں کی بارش کرتے ہیں، جب کہ قریب ہی موجود بزرگ شہری کا بیٹا ابرار اپنے والد کو بچانے کے لیے بیچ میں آتا ہے تو حملہ آور اسے بھی تشدد کا نشانہ بناتے ہیں جب کہ اس دوران حملہ آور کے مزید ساتھی بھی مسجد پہنچ کر تشدد شروع کردیتے ہیں۔ تین افراد نے مل کر بزرگ شہری اعجاز اور اس کے بیٹے ابرار کو مسجد میں تشدد کا نشانہ بنایا جب کہ بیٹے ابرار کا سر پھٹنے اور جسم میں دیگر اعضا پر چوٹیں آئیں۔ پولیس نے درخواست پر ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے اور ان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 34

لاک ڈاؤن پر عمل درآمد کروانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر محکمے سرگرم ہیں۔ اس حوالے سے تمام متعلقہ اداروں نے حکمت عملی بھی تشکیل دے دی ہے۔ لاہور اور اسموگ سے متاثرہ دیگر اضلاع میں جمعرات اور جمعہ کے روز جزوی طور پر اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کیا جارہا ہے جب کہ ہفتہ اور اتوار کو مکمل طور پر اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ رہے گا۔ انتظامیہ کی جانب سے اسمارٹ لاک ڈاؤن کے دوران سیف سٹی کیمروں کے ذریعے مرکزی علاقوں کی مارکیٹوں، بازاروں اور دیگر عوامی مقامات کی انتہائی توجہ کے ساتھ نگرانی کی جائے گی۔

بقیہ 35

پولیس کی بھاری نفری بھی جیل کے باہر تعینات کردی گئی، جیسے ہی صنم جاوید رہا ہوکر باہر آئیں انہیں پولیس نے دوبارہ گرفتار کرلیا۔ اطلاعات ہیں کہ صنم جاوید کو پولیس اسٹیشن منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 36

جوہری تحفظ اور سلامتی سے متعلق متعدد سرکردہ بین الاقوامی آلات کا فریق ہے، جس میں سختی سے نافذ کردہ فریم ورک ہے۔ سول نیوکلیئر تعاون تک مساوی اور غیر امتیازی رسائی حاصل کرنے کے لیے رکاوٹوں کو دور کرنے کی بنیادی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے اس بات کی تصدیق کی کہ تمام ریاستوں کو اپنی حفاظتی ذمہ داریوں کی مکمل تعمیل کرنی چاہیے، تاہم ادارے کے تحفظات کو متعصبانہ سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ حالیہ پیش رفت کی روشنی میں انہوں نے تخفیف اسلحہ اور عدم پھیلاو پر ایک نیا اتفاق رائے قائم کرنے کے لیے جنرل اسمبلی کا خصوصی اجلاس بلانے کی تجویز پیش کی جو موجودہ اور ابھرتی ہوئی حقیقتوں کو بہتر طریقے سے حل کرے اور تمام ریاستوں (بڑی اور چھوٹی) کو یکساں تحفظ فراہم کرے۔ انہوں نےکہا کہ اس نئے اتفاق رائے کو عدم پھیلا کے موجودہ انتظامات میں موجود امتیازی سلوک اور دوہرے معیار کو ختم کرنا چاہیے

بقیہ 37

سال2014 میں ملک میں خام تیل کے ذخائر 3 ارب 87 کروڑ بیرل تھے، رواں سال تیل کے مقامی ذخائر کم ہو کر ایک ارب 92 کروڑ بیرل ہو گئے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق گزشتہ 2 سال میں مقامی ذخائر میں 56 کروڑ بیرل کمی آئی، سال 2021 میں ملکی تیل کے ذخائر 2 ارب 48 کروڑ بیرل تھے جبکہ سال2022 میں ملکی تیل کے ذخائر 2 ارب 24 کروڑ بیرل رہے۔ ماہرین توانائی نے بتایا کہ قاعدے کے مطابق ایک بیرل تیل کے استعمال پر 1.2 بیرل تیل کی دریافت ضروری ہے جبکہ پاکستان میں ریزورز ریپلیسمنٹ ریشو کم ہے۔

بقیہ 38

کے ہمراہ جدہ میں او آئی سی کی کانفرنس وومن ان اسلام میں شرکت کی۔ تین روزہ کانفرنس کے انعقاد کا مقصد مسلم خواتین کی تاریخی اور عصر حاضر میں کامیابیوں کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ کانفرنس سے خطاب کرتےہوئے این سی ایس ڈبلیو کی چیئرپرسن نے پاکستانی خواتین کے بلند حوصلے اور عزم کو دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی خواتین ملکی آبادی کا نصف سے زیادہ ہیں۔ پاکستانی خواتین نے ہر شعبہ زندگی میں نام کمایا ہے۔ نیلوفر بختیار نے کہا کہ یہ خواتین سیاست بھی کرنا جانتی ہیں اور بنظیر بھٹو کی صورت وزیراعظم بن کر ملک بھی چلا سکتی ہیں۔ خواتین نے بدترین سماجی ومعاشی حالات کے ساتھ حوصلے سے سیلاب، زلزلے اور وبا کو بھی جھیلا ہے۔

بقیہ 39

اور ٹارگٹ کلنگ جیسے سنگین جرائم میں ملوث ہے۔ حال ہی میں ہندوستان اسرائیل کے خفیہ ایجنٹ کے طور پر دنیا کے سامنے عیاں ہوا ہے، جس کی تازہ مثال قطر ہے جہاں 24اکتوبر 2023 کو عدالت نے 8 ہندوستانی سابقہ نیوی افسران کو اسرائیل کے لئے جاسوسی کے جرم میں سزائے موت سنائی۔ 12دسمبر 2019 کو جرمنی میں ایک ہندوستانی جوڑے کو سکھوں اور کشمیریوں کی حساس معلومات را کو فراہم کرنے کے الزام میں سزا سنائی گئی۔ 2021 میں آسٹریلین پولیس نے انکشاف کیا کہ آسٹریلیا میں قائم ہندو عبادت گاہوں میں کی گئی توڑ پھوڑ میں بی جے پی کا ہاتھ ہے۔ دسمبر 2020 کو بنگلہ دیش میں دیو پراشاد پر بنگالی فوج اور پولیس کی حساس معلومات اکٹھی کرنے کا الزام ثابت ہوا۔ جنوری 2015 میں سری لنکا کے منتخب صدر کی شکست میں را کی سازش بے نقاب اور بری طرح ناکام ہوگئی۔

بقیہ 40

ا کوریئر سروسز، یوٹیلٹی سٹورز، سیلولر نیٹ ورک ائیلی کام سنٹرز کو 10نومبر کی چھٹی سے مستثنیٰ حاصل ہو گا۔ لاہور ڈویژن اور دیگر 4اضلاع میں تعلیمی ادارے اور سرکاری و نجی دفاتر بند رہیں گے۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کی طرف سے چھٹی سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے ادارے اور بزنس کھلے رہیں گے۔

بقیہ 41

اور ایک بیٹی کی ماں ہیں، نے دوسرے مردوں کو دھوکہ دینے کے مخصوص مقصد سے ڈیٹنگ کرنا شروع کی۔ یہ واضح نہیں ہے کہ خاتون کو مسلسل دکھاوے کی زندگی میں کس چیز نے مائل کیا کیونکہ چینی میڈیا کے مطابق ان کے شوہر کا اپنا کاروبار ہے اور خاندان کی مالی حالت اچھی ہے۔

بقیہ 42

گیروں کو سخت سیکورٹی میں کینٹ اسٹیشن کراچی سے علامہ اقبال ایکسپریس کے ذریعے لاہور کے لئے روانہ کیا گیا۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے سربراہ فیصل ایدھی کے صاحبزادے سعد ایدھی کے مطابق بھارتی ماہی گیروں کے تمام سفری اخراجات ایدھی فاؤنڈیشن اٹھارہی ہے۔ بھارتی ماہی گیروں کو رقم، کپڑے اور ضروری سامان بھی دیا گیا ہے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق بھارتی قیدیوں کو آج بروز جمعہ کو واہگہ کے راستے واپس بھجوایا جائے گا۔

بقیہ 43

دستوں کا معائنہ کیا اور سلامی لی۔ گارڈ کی تعیناتی کے بعد قومی شاعر کے مزار پر امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف، پاک بحریہ کے افسران، سیلرز اور نیوی سویلینز نے پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔

بقیہ 44

کے مطابق ٹریلر کو قبضے میں لیکر ڈرائیور کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کی ابتدائی تحقیقات کے مطابق تیز رفتار ٹریلر نے اوورٹیک کرتے ہوئے رکشےکو ٹکر ماری۔

بقیہ 45

، واہ کینٹ پولیس نے ملزم دانیال سے 20لیٹر شراب، صدر بیرونی پولیس نے ملزم عمر سے 05لیٹر شراب برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 46

پہنچے ہیں جہاں وہ ای سی او کے سربراہی اجلاس میں شرکت کررہے ہیں۔ اجلاس کے موقع پر وہ تنظیم کے وژن 2025 اور تجارت، ٹرانسپورٹ، باہمی رابطے، توانائی، سیاحت، و اقتصادی ترقی اور پیداواری شعبوں میں علاقائی تعاون کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کریں گے۔

بقیہ 47

طلباء نے ڈنڈوں سے پولیس اہلکاروں پر حملہ کیا۔ طلباء کے تشدد سے محمد شفیق اور طاہر علی نامی پولیس اہلکار زخمی ہوئے جبکہ مظاہرین نے اینٹی رائٹ فورس کا سامان بھی چھین لیا۔ یاد رہے کہ پنجاب یونیورسٹی کے طلباء نے گزشتہ روز یونیورسٹی انتظامیہ کے خلاف برکت مارکیٹ کے قریب احتجاج کیا تھا۔

بقیہ 48

عمر نے اس بیٹے پر لاتوں مکوں اور پلاسٹک کے پائپ سے تشدد بھی کیا، نصیر آباد پولیس نے متاثرہ لڑکے کے والد کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کرکے ملزم قاری عمر کو گرفتار کرلیا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، بچوں اور خواتین پر تشدد، زیادتی یا ہراسمنٹ ناقابل برداشت ہے۔

بقیہ 49

مسلمانوں کیلئے الگ وطن کا تصور پیش کرنے پر ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، علامہ اقبال نے مسلمانوں کی حقیقی شناخت کیلئے انہیں خواب غفلت سے بیدار کرنے کی عملی کوشش کی، اجتماعی ترقی اور خوشحالی کے حصول کیلئے ایک فرد میں خودی کو بیدار کیا، آج ہمیں جن کثیر الجہتی چیلنجز کا سامنا ہے، انکا حل اقبال کی آفاقی تعلیمات میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر ہم مفکر پاکستان، عظیم فلسفی اور شاعر کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ علامہ اقبال کی تعلیمات اور فکری اساس کی حفاظت اور حقیقی پیروی کریں گے، علامہ کے افکار اور سوچ نے امید کا ایسا چراغ روشن کیا جس نے نہ صرف منزل بلکہ راستے کی بھی نشاندہی کی، شاعر مشرق نے ہمیشہ مسلمانوں کو اتحاد و یگانگت اور عمل کی تلقین کی، اس دانا اور مدبر نے برسوں پہلے ان مسائل کی پیشگوئی کی تھی جن کا سامنا آج بھی ہمارے ملک کو ہے۔ اقلیتوں کا تحفظ، آزادی اظہار، آئین وقانون کی بالادستی اور فلاحی ریاست کا قیام ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

بقیہ 50

آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ آبپارہ، تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ گولڑہ، تھانہ کورال اور تھانہ کرپا پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 08 اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران کی گرفتاری عمل میں لائی،

بقیہ 51

ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا مختلف علاقوں میں قائم شیشہ سنٹرز کے خلاف بلا تفریق قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ شالیمار پولیس نے شیشہ سنٹرز کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لاتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے حقہ اور شیشہ برآمد کرلیے گئے، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی ضابطہ جاری ہے،

بقیہ 52

کرلیا، ملزم سے 75لیٹر کھلا پیٹرول برآمد ہوا، واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر کھلے عام پیٹرول فروخت کرنے والے ملزم اسد کو گرفتار کرکے 30لیٹر کھلا پیٹرول برآمد کیا، چکری پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر کھلے عام پیٹرول فروخت کرنے والے ملزم قدیر کو گرفتار کرکے 04لیٹر کھلا پیٹرول برآمد کرلیا، صادق پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر کھلے عام پیٹرول فروخت کرنے والے ملزم ناصر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے کھلا پیٹرول برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ قانون شکنی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 53

گرام چرس، ملزم اسد علی سے 01 کلو800 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم فرحان سے 01 کلو500 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم منیب سے 01 کلو250 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم اجمل سے 01 کلو600 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم مظہر سے570 گرام چرس، ائیر پورٹ پولیس نے ملزم انجم سے 540 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے ناسور کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 54

اورنگزیب، عطاءاللہ تارڑ، اویس لغاری اور دیگر بھی موجود تھے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف اور پارٹی صدر شہباز شریف کا گورنر ہاؤس آمد پر گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے استقبال کیا۔ نواز شریف نے گورنر پنجاب سے ان کی اہلیہ اور بیٹے کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ نواز شریف نے کہا کہ یہ زندگی کا بہت بڑا صدمہ ہے، اہلیہ کی وفات ذاتی زندگی اور بچوں کے حوالے سے بہت بڑا امتحان ہوتا ہے۔ نواز شریف نے بلیغ الرحمٰن اور ان کے بچوں سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کے بچوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ گورنر ہاؤس میں تقریباً سوا تین گھنٹے گزارے اور دوپہر کا کھانا بھی وہیں کھایا۔ اس موقع پر پنجاب کی عوام کے مسائل کے حل سے متعلق بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو الیکشن کی تیاریاں تیز کرنے کی ہدایت کی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف اپنی صاحبزادی مریم نواز کے ہمراہ سینیٹر رانا مقبول احمد کی رہائش گاہ پر بھی گئے اور ان کے بیٹوں سے ان کے والد اور والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ نواز شریف نے کہا کہ والد اور والدہ کا سایہ سر سے اٹھ جانا بہت بڑا غم ہوتا ہے، ہم یہ صدمے جھیل چکے ہیں، رانا مقبول احمد نہایت ملنسار، خوش اخلاق اور اچھے انسان تھے، رانا مقبول احمد کی وفات سے ایک قریبی دوست سے محروم ہو گیا ہوں، وقت گزرنے کے ساتھ اپنے مرحوم دوست کی یاد اور بھی زیادہ آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ رانا مقبول احمد ایک بااعتماد، بہادر اور قریبی ساتھی تھے، ہمیشہ اچھا مشورہ دیتے تھے

بقیہ 55

شبیر احمد سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم نوید سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن، آراے بازار پولیس نے ملزم حبیب سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن، ملزم بلال سے 01 پستول 9 MM معہ ایمونیشن، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم ناصر سے 01پستول30بور معہ ایمونیشن اور01بوتل شراب، گوجرخان پولیس نے ملزم باسط سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 56

حسین کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرمان ذوالقرنین اور تبارک حسین نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کلہاڑیوں اور ڈنڈوں کے وار کرکے شفقت، زاہد، اصغر اور وقار کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ متاثرہ شہری وقار کی مدعیت میں تھانہ کہوٹہ میں درج کیا گیا تھا، واقعہ میں ملوث ملزم حسنین قبل ازیں گرفتار ہوکر چالان ہوچکا ہے، اشتہاری مجرم کے دیگر ساتھیوں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، گرفتار اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 57

ترقی کے لیے ای سی او کے وژن کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت اور عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے رکن ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، رابطوں کے فروغ، ٹرانسپورٹ اور مواصلاتی انفراسٹرکچر کی ترقی اور پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے علاقائی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ای سی او کی راہداریوں پر مبنی حکمت عملی علاقائی رابطوں کو بڑھانے کے لیے اہم ہے۔ ٹرانزٹ ٹرانسپورٹ فریم ورک ایگریمنٹ (ٹی ٹی ایف اے) اور اسلام آباد۔ تہران۔ استنبول ریل اور روڈ کوریڈور جیسے منصوبوں سے پورے خطے کی اقتصادی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعظم نے اسرائیلی قابض افواج کی جانب سے غزہ پر مسلسل اور مہلک بمباری کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے مسئلہ فلسطین کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور او آئی سی کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کرنے پر زور دیا۔ وزیراعظم نے بڑھتی ہوئی عدم رواداری، زینو فوبیا اور اسلاموفوبیا پر بین الاقوامی برادری کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ باہمی احترام، بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کو فروغ دیتے ہوئے اسلاموفوبیا کے گھناؤنے اضافہ کے خلاف سیاسی اور قانونی مزاحمت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 58

بنتی ہے۔ مزید برآں انسداد سمگلنگ فارمیشنز بشمول مختلف کلکٹریٹس اور ائیر پورٹس پر تعینات موبائل سکواڈز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ ملک بھر میں غیر قانونی سگریٹس کی نقل وحمل پر کڑی نگاہ رکھیں۔ پاکستان کسٹمز لگن اور جانفشانی کے ساتھ سمگلنگ کی لعنت کو ختم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ 59

میں لیکر گئے تھے نہ ہی ہم نے زبردستی شہباز شریف کو وزیراعظم بنایا تھا۔ الیکشن لڑنے کا شوق ہمیشہ صرف پیپلز پارٹی کو رہا ہے کیونکہ ہم عوام پر بھروسہ کرتے ہیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں یہاں موجود لوگوں کا مشکور ہوں کہ انہوں نے بھرپور استقبال کیا۔ آپ نے ثابت کیا ہے کہ ملیر اور پاکستان کا عوام پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے ابراہیم حیدری کے لوگوں سے کہا کہ جب الیکشن ہوں تو آپ تیر پر مہر لگائیں، آپ کے ساتھ کی وجہ سے ہم وفاق میں حکومت بنائیں گے اور پہلی بار ہوگا جیالے میئر کے ساتھ ساتھ جیالا وزیراعلیٰ اور جیالا وزیراعظم بھی ہوگا۔

بقیہ 60

نے فوجی ٹاور اور ڈھوک کھبہ جبکہ ائیرپورٹ پولیس نے فضل ٹاؤن وڈھوک کلیال اور گردونواح میں سرچ آپریشنز کیے، صدر بیرونی پولیس نے سرچ آپریشنز کے دوران کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 06افراد کو گرفتار کیا

بقیہ 61

کا انکشاف کیا جن سے مزید انکشافات اور برآمدگی متوقع ہے، گرفتار ملزمان کو شناخت پریڈ کے لئے جیل منتقل کیا جارہا ہے، متحرک گینگ کی گرفتاری پر ایس ایس پی آپریشن فیصل سلیم نے ایس ایچ او بنی اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے۔

بقیہ 62

بہتری آنے کے بعد ٹریفک کے لئے کھول دی گئیں۔ ترجمان موٹروے پولیس سید عمران احمد کا کہنا ہے کہ موٹرویز عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر یقینی بنانے کیلئے بند کی گئیں، روڈ یوزرز گاڑیوں کے آگے اور پیچھے فوگ لائٹس کا استعمال کریں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ مزید معلومات اور مدد کیلئے موٹر وے کی ہیلپ لائن 130 سے رابطہ کریں۔

لاہور :آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن اپوا،(APWWA) کی سالانہ تربیتی ورکشاپ سے اوریا مقبول جان، ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم، زبیر احمد انصاری، محسن منور یوسفی، گل نوخیز اختر، راشد محمود، ایم ایم علی، سعدیہ ہما شیخ، ثمیرا مرزا، حافظ محمد زاہد، نوید چوہدری، خواجہ سلیم، اسد بخاری، طارق بلوچ صحرائی، مدیحہ کنول، شبانہ عباس، قاری محمود اقبال، اسد نقوی، حبیب پاشا، صائمہ اکرم چوہدری، ناصر ادیب، ندیم بھابھہ، علیمہ جبین، خالد ڈار، ساجدہ چودھری، ناصر بشیر، ڈاکٹر جاوید اقبال اور دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

عالمی برادری فلسطینی شہریوں پر

اسرائیلی مظالم رکوانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے ، اپووا اعلامیہ

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (اپووا) کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں ساتویں سالانہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا

مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والوں اور نمایاں خدمات سر انجام دینے والوں میں ایوارڈ، میڈل اور سٹیفکیٹ تقسیم کئے گئے

لاہور (روبینہ فیصل سے) آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (اپووا) کے زیراہتمام مقامی ہوٹل میں ساتویں سالانہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ زبیر احمد انصاری کی زیر سرپرستی اور ایم ایم علی کی زیرنگرانی ہونے والی اس ورکشاپ میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات کے علاوہ ملک بھر سے لکھاریوں، ادیبوں، صحافیوں اور شاعروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ جن میں اوریا مقبول جان، خالد عباس ڈار، پروفیسر ہارون الرشید، ندیم بھابھہ، محسن منور یوسفی، گل نوخیز اختر، راشد محمود، افتخار افی، سعدیہ ہما شیخ، نوید چوہدری، خواجہ سلیم، رانا خالد قمر، طارق بلوچ صحرائی، صائمہ اکرم چوہدری، سارہ مجید، ناصر ادیب، ڈاکٹر جاوید اقبال، ناصر بشیر، ندیم (بقیہ نمبر 31)

جائیداد کے تنازع پر مسجد میں بزرگ شہری پر تشدد

بزرگ شہری اعجاز جیسے ہی نماز کی نیت کرنے لگا تو ایک نوجوان نے اس پر حملہ کردیا

لاہور (پینانیوز) مسجد میں جائیداد کے تنازع پر بزرگ شہری پر ہونے والے تشدد ۔پولیس کے مطابق مسجد میں تشدد کا واقعہ تھانہ گلشن اقبال کی حدود میں پیش آیا، جہاں مسجد میں نماز کے لیے آنے والے بزرگ پر کچھ افراد نے تشدد کیا۔ واقعے کی سی سی ٹی وی ویڈیو منظر عام پر آ گئی، جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ بزرگ شہری اعجاز جیسے ہی نماز کی نیت کرنے لگا تو ایک نوجوان نے اس پر حملہ کردیا۔ فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ چوہدری گوہر اور (بقیہ نمبر 33)

اسموگ کی بگڑتی صورتحال، مختلف اضلاع میں اسمارٹ لاک ڈاؤن

لاہور میں جمعرات کے روز ائیر کوالٹی انڈیکس 450 اے سے تجاوز کر گیا ہے

لاہور (پینانیوز) اسموگ کی مسلسل بگڑتی صورت حال کے باعث لاہور سمیت مختلف اضلاع میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کردیا گیا ہے۔ صوبے میں اسموگ کی صورت حال مسلسل خراب ہو رہی ہے جس کی وجہ سے شہری بیمار ہونے لگے ہیں۔ نگراں صوبائی حکومت کی جانب سے صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت مختلف اضلاع میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کردیا ہے۔ لاہور میں z سے تجاوز کر گیا ہے، جس کے بعد شہر میں اسمارٹ (بقیہ نمبر 34)

پاکستان جوہری تحفظ اور سلامتی کو قومی ذمہ داری سمجھتا ہے

تمام ریاستوں کو اپنی حفاظتی ذمہ داریوں کی مکمل تعمیل کرنی چاہیے، سفیر منیر اکرم

اقوام متحدہ (پینانیوز) اقوام متحدہ میں پاکستان کے سفیر منیر اکرم نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے جوہری توانائی کے پروگرام کی حفاظت کو ایک قومی ذمہ داری سمجھتا ہے۔ ویانا میں قائم اقوام متحدہ کے ادارے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کی سالانہ رپورٹ پر اقوام متحدہ کی 193 رکنی جنرل اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان (بقیہ نمبر 36)

آئی ایم ایف کا رئیل اسٹیٹ سے ٹیکس وصولی سخت کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (پینانیوز) آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کی معاشی ٹیم کے مذاکرات جاری ہیں جب کہ اس دوران عالمی مالیاتی فنڈ کے مطالبات بھی ہر سیشن میں سامنے آتے جا رہے ہیں۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ تکنیکی سطح کے مذاکرات آج چھٹے روز بھی جاری ہیں، جس میں آئی ایم ایف نے رئیل اسٹیٹ پر ٹیکس کے سختی کے ساتھ نفاذ کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جن شعبوں سے ٹیکس (بقیہ نمبر 32)

صنم جاوید کوٹ لکھپت جیل سے رہا ہوتے ہی دوبارہ گرفتار

لاہور (پینانیوز) نومئی کو جلاؤ گھیراؤ کے الزام میں قید پی ٹی آئی کارکن صنم جاوید کو جیل سے رہا ہوتے ہی دوبارہ گرفتار کرلیا گیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے نومئی کو مسلم لیگ ن کا آفس جلانے کے مقدمے میں پی ٹی آئی کی کارکن صنم جاوید کی رہائی کی روبکار جاری کردی۔ یہ روبکار جج ارشد جاوید نے ضمانتی مچلکے منظور کرنے کے بعد جاری کی۔ جج کے حکم پر پی ٹی آئی کارکن صنم جاوید کی روبکار کوٹ لکھپت جیل پہنچ گئی جس کے ساتھ ہی (بقیہ نمبر 35)

نیشنل سکول آف پبلک پالیسی (این ایس پی پی) کے ایگزیکٹو ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ کے زیراہتمام ”ایک مستحکم پاکستان کی طرف موافقت“ کے موضوع پر دوروزہ پالیسی ڈائیلاگ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

پاکستان میں تیل کے ذخائر میں 9 سال میں 50 فیصد کمی

معاشی مشکلات، گردشی قرض کے سبب پٹرولیم ایکسپلوریشن کمپنیاں پریشان ہیں جس کے باعث تیل کے ملکی ذخائر میں تشویشناک حد تک کمی ہوئی ہے

پاکستان میں تیل کے ذخائر میں 9 سال میں تقریبا 50 فیصد کمی ہوئی ہے، سال 2014 میں ملک میں خام تیل کے ذخائر 3 ارب 87 کروڑ بیرل تھے

کراچی (این این آئی) پاکستان میں 9 سال کے دوران تیل کے ذخائر میں تقریبا 50 فیصد کمی ہوگئی۔ معاشی مشکلات، گردشی قرض کے سبب پٹرولیم ایکسپلوریشن کمپنیاں پریشان ہیں جس کے باعث کاروبار ختم اور تیل کے ملکی ذخائر میں تشویشناک حد تک کمی ہوئی ہے جس کی وجہ سے خطرے کی گھنٹی بجنے لگی ہے۔ پاکستان میں تیل کے ذخائر میں 9 سال میں تقریبا 50 فیصد کمی ہوئی ہے، (بقیہ نمبر 37)

پاکستانی خواتین نے ہر شعبہ زندگی میں نام کمایا ہے، نیلوفر بختیار

یہ خواتین سیاست بھی کرنا جانتی ہیں اور بینظیر بھٹو کی صورت وزیراعظم بن کر ملک بھی چلا سکتی ہیں

اسلام آباد (پینانیوز) نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف وویمن) این سی ایس ڈبلیو (کی چیئرپرسن نیلوفر بختیار نے کہ ہے کہ پاکستانی خواتین ملکی آبادی کا نصف سے زیادہ ہیں، پاکستانی خواتین نے ہر شعبہ زندگی میں نام کمایا ہے ، یہ خواتین سیاست بھی کرنا جانتی ہیں اور بینظیر بھٹو کی صورت وزیر اعظم بن کر ملک بھی چلا سکتی ہیں ۔ نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف وویمن سے جاری پریس ریلیز کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے او آئی سی کی کانفرنس وومن ان اسلام سے خطاب کرتیہوئے کیا۔ نیلوفر بختیا نے پاکستانی وفد (بقیہ نمبر 38)

ہندوستان کی دوغلی پالیسی اور اسرائیل سے گٹھ جوڑ بے نقاب

نئی دہلی (پینانیوز) ہندوستان کی دوغلی پالیسی اور اسرائیل ہندوستان کا گٹھ جوڑ کھل کر سامنے آ گیا۔ ہندوستان ہمیشہ سے اپنی دوغلی پالیسی کی وجہ سے بدنام رہا ہے۔ دنیا کے کئی ممالک میں ہندوستان اسرائیل کے لئے دہشتگردی بالخصوص جاسوسی (بقیہ نمبر 39)

کال سنٹرز اور انٹرنیشنل آئی ٹی سنٹرز عام تعطیل سے مستثنیٰ

آج کی عام تعطیل سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے مختلف کاروبار کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) سموگ صورتحال ، پنجاب کے 8 اضلاع میں آج (جمعہ) 10 نومبر کی عام تعطیل سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے مختلف کاروبار کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کے نوٹیفکیشن کے مطابق کال سنٹرز اور انٹرنیشنل آئی ٹی سنٹرز 10 نومبر کی عام تعطیل سے مستثنیٰ ہوں گے۔ میڈیکل سٹورز، فارمیسیز، ویکسی نیشن سنٹرز، پٹرول پمپس، تندور، بیکریاں، کریانہ شاپس، چکن اور میٹ شاپس 10 نومبر کی عام تعطیل سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے ہیں۔ ای کامرس سنٹرز، پوسٹل (بقیہ نمبر 40)

3 مردوں سے جعلی شادیاں رچانے والی شادی شدہ خاتون گرفتار

بیجنگ (پینانیوز) ایک چینی خاتون کو شادی شدہ ہونے کے باوجود فراڈ کے لیے 3 مردوں سے جعلی شادیاں کرنے پر گرفتار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ژو نامی چینی خاتون نے 3 مردوں سے جعلی شادی کرے تقریبا ایک لاکھ ڈالرز ہتھیائے۔ 35 سالہ جعلساز خاتون جو کہ پہلے سیشادی شدہ ہیں (بقیہ نمبر 41)

MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے پراجیکٹ

ملٹی ریذیڈینشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

میں 5 کنال فارم ہاؤس پلاٹس کی محدود بکنگ جاری ہے

Sr. No.	DESCRIPTION	AMOUNT
1	Cost of Plot	Rs. 19,500,000/-
2	Membership Fee/Share Money	Rs. 20,000/-
3	Total Cost of Plot	Rs. 19,520,000/-
4	Down Payment	Rs. 5,020,000/-
5	Quarterly Installment	Rs. 875,000/-

GET 20% DISCOUNT ON LUMPSUMP PAYMENT

Payment will be received in shape of Pay Order/Demand Draft in favour of
MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY - NTN # 2140070-9
Govt. Tax of 3% Filer & 10.5% for Non-Filer respectively would be applicable.

DEEN ASSOCIATES
Authorized Sales Partner - MPCHS

Office # 17, First Floor, Allahdaad Plaza G-8 Markaz, Islamabad.
Ph: 051-2340061 | www.thedeenassociates.com
Mob: 0333-5758882 - Ali Raza

80 بھارتی ماہی گیر رہا، (آج) واہگہ کے راستے واپس بھجوایا جائے گا

لاہور(این این آئی) 80 بھارتی ماہی گیروں کو کراچی کی ملیر جیل سے رہا کر دیا گیا جنہیں لاہور پہنچنے کے بعد آج (جمعہ) واہگہ بارڈر کے راستے وطن واپس بھجوایا جائے گا۔ رہائی پانے والے بھارتی ماہی (بقیہ نمبر 42)

مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب

پاکستان نیوی نے رینجرز کی جگہ مزار اقبال پر گارڈز کے فرائض سنبھال لئے

لاہور (پینانیوز) شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کی یوم پیدائش کی مناسبت سے مزار اقبال پر جمعرات کے روز گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں پاکستان نیوی کے چاک وچابند دستے نے مزار اقبال پر گارڈز کے فرائض سنبھالے۔ پاکستان نیوی کے اسٹیشن کمانڈر لاہور کموڈور ساجد حسین تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ پاکستان نیوی کے اسٹیشن کمانڈر لاہور نے گارڈ میں شامل پاکستان رینجرز اور پاک بحریہ کے (بقیہ نمبر 43)

وزیراعلیٰ پنجاب پاکستان میں پہلی مذہبی سیاحت پروگرام کے تحت سکھ یاترا بکنگ پوٹل کا افتتاح کر رہے ہیں

شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی ،سات گرفتار، 75 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے 75 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم اشفاق سے 10 لیٹر شراب، ملزم عاشر سے 10 لیٹر شراب ،صادق آباد پولیس نے ملزم فیضان سے 05 لیٹر شراب ، ملزم شان سے 05 لیٹر شراب ، ریس کورس پولیس نے ملزم عمر سے 20 لیٹر شراب (بقیہ نمبر 45)

ٹریلر کی موٹر سائیکل رکشے کو ٹکر سے ایک ہی خاندان کے 7 افراد جاں بحق

لودھراں (این این آئی) لودھراں میں تیز رفتار ٹریلر کی موٹر سائیکل رکشے کو ٹکر سے میاں بیوی اور بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق یہ حادثہ لودھراں میں چک نمبر 100 ایم کے قریب پیش آیا، حادثے میں 2 افراد زخمی بھی ہوئے۔ لاشوں اور زخمیوں کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جاں بحق افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے ہے۔ پولیس (بقیہ نمبر 44)

تاشقند، ای سی او کا سولہواں سربراہی اجلاس

وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے علاقائی رہنماؤں کے ساتھ گروپ فوٹو بنوایا

تاشقند (پینانیوز) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے اقتصادی تعاون تنظیم) ای سی او (کے 16 ویں سربراہی اجلاس کے موقع پر علاقائی رہنماں کے ساتھ گروپ فوٹو بنوایا۔ قبل ازیں جمعرات کو وزیراعظم جیسے ہی تاشقند کنونشن سینٹر پہنچے تو ازبکستان کے صدر شوکت مرزا یوف نے ان کا استقبال کیا۔ کانفرنس ہال کی جانب بڑھنے سے قبل اجلاس میں تمام شریک قائدین نے گروپ فوٹو بنوایا۔ واضح رہے کہ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی اور وزیر تجارت گوہر اعجاز سمیت وفد کے ہمراہ دو روزہ دورے پر تاشقند (بقیہ نمبر 46)

پنجاب آرٹس کونسل، راولپنڈی
یوم اقبال
PAKISTAN
TURKEY
IRAQ

پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی میں یوم اقبال پر طلبہ پرفارم کر رہے ہیں

غفلت کے ذمہ دار ڈرائیور کیخلاف کارروائی کا حکم

وزیراعلیٰ کا ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے لودھراں کے قریب ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمی افراد کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں ۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کمشنر ملتان ڈویژن اور آر پی او اور لودھراں سے افسوسناک واقعہ کے بارے میں رپورٹ طلب کر لی ہے۔

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کو گوردوارہ صاحب کرتارپور کے دورے کے موقع پر سردار گوبند سنگھ کرپان کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

پنجاب یونیورسٹی کے احتجاجی طلباء کے خلاف مقدمہ درج

مقدمہ دہشت گردی سمیت دیگر سنگین دفعات کے تحت درج کیا گیا

لاہور (این این آئی) پولیس نے لاہور میں احتجاج کرنے والے پنجاب یونیورسٹی کے طلباء کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، مقدمہ دہشتگردی سمیت دیگر سنگین دفعات کے تحت درج کیا گیا ۔ گارڈن ٹاؤن تھانے میں پولیس نے 18 نامزد سمیت 150 نامعلوم طلباء کے خلاف مقدمہ درج کیا۔ مقدمہ تھانہ مسلم ٹاؤن کے سب انسپکٹر محمد ندیم کی مدعیت میں دہشتگردی سمیت دیگر سنگین دفعات کے تحت درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق مظاہرین (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی، نصیر آباد پولیس کی فوری کارروائی

16 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش اور نازیبا حرکات کرنے والا معلم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس کی فوری کارروائی کے باعث 16 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش اور نازیبا حرکات کرنے والا معلم گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس کو متاثرہ لڑکے کے والد نے درخواست دی کہ مدرسہ کے قاری عمر نے اس کے بیٹے کے ساتھ نازیبا حرکات کیں اور زیادتی کی کوشش کی، قاری (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف ۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ہمیں فکر اقبال پر عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے: علامہ راجہ ناصر عباس

بحیثیت قوم سوچنا چاہیئے کہ اقبال نے جو ہمیں کامیابی کی راہ دکھائی اس پر ہم نے کتنا عمل کیا

علامہ محمد اقبال کے فلسفہ خودی میں ہی ملکی ترقی کا راز پنہاں ہے، چیئرمین مجلس وحدت المسلمین پاکستان

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین مجلس وحدت مسلمین پاکستان علامہ راجہ ناصر عباس جعفری نے علامہ محمد اقبال کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مفکر پاکستان کے فلسفہ خودی میں ہی ملکی ترقی کا راز پنہاں ہے، ہمیں فکر اقبال پر عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے، بحیثیت قوم سوچنا چاہیئے کہ اقبال نے جو ہمیں کامیابی کی راہ دکھائی اس پر ہم نے کتنا عمل کیا۔ علامہ اقبالؒ کو برصغیر کے (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی مری روڈ رانگ سائیڈ پر ٹریفک رواں دواں ہے

عدالتی مفروران گرفتاری کیلئے کریک ڈاون جاری، 8 اشتہاری گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس کا قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری، پولیس ٹیمو ں نے سنگین جرائم میں ملوث 08 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا، مجرمان کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جارہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس (بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ شالیمار پولیس کی شیشہ سنٹرز کے خلاف کارروائی، چار ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ شالیمار پولیس نے شیشہ سنٹرز کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لاتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے حقہ اور شیشہ برآمد کر لیے گئے، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی ضابطہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر (بقیہ نمبر 51)

قانون شکن عناصر کے خلاف کاروائی، چار ملزمان گرفتار

کھلے عام پیٹرول فروخت کرنے والے ملزم شہباز کو گرفتار کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا ۔تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر کھلے عام پیٹرول فروخت کرنے والے ملزم شہباز کو گرفتار(بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

سات ملزمان گرفتار، نو کلو سے زائد چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، 07 ملزمان گرفتار، 09 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم طارق سے 02 کلو 200 (بقیہ نمبر 53)

نواز شریف کا پارٹی رہنماؤں کو الیکشن تیاریاں تیز کرنے کا حکم

مجموعی سیاسی صورتحال، جنوبی پنجاب اور بہاولپور میں ٹکٹوں کی تقسیم، انتخابات کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب میو ہسپتال کے امراض چشم کے انسٹی ٹیوٹ کی بیسمنٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے گورنر ہاؤس لاہور میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن سے ان کی اہلیہ اور بیٹے کی ٹریفک حادثے میں انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی ۔ نواز شریف کی کی زیر صدارت گورنر ہاؤس لاہور میں لیگی رہنماؤں کا اجلاس بھی ہوا جس میں مجموعی سیاسی صورتحال ،جنوبی پنجاب اور بہاولپور میں ٹکٹوں کی تقسیم اور آئندہ انتخابات کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر پنجاب بلیغ الرحمن، مسلم لیگ (ن) کے صدر وسابق وزیراعظم شہباز شریف ، چیف آرگنائزر و سینئر نائب صدر مریم نواز، پرویز رشید، رانا ثناء اللہ ، مریم (بقیہ نمبر 54)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی ، 7 گرفتار

ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی جارہی ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم سعد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن ، بنی پولیس نے ملزم(بقیہ نمبر 55)

کلہاڑیوں اور ڈنڈوں کے وار سے چار افراد زخمی

کہوٹہ پولیس کی کارروائی، زخمی کرنے والے دو اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کلہاڑیوں اور ڈنڈوں کے وار سے 04 افراد کو زخمی کرنے والے 02 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے کلہاڑیوں اور ڈنڈوں کے وار سے 04 افراد کو زخمی کرنے والے 02 اشتہاری مجرمان ذوالقرنین اور تبارک(بقیہ نمبر 56)

علاقائی ترقی کیلئے ای سی او کے وژن کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت اور عزم کا اظہار

تاشقند (این این آئی) نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، جو ازبکستان کے شہر تاشقند میں منعقد ہونے والے 16 ویں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے سربراہی اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کر رہے ہیں، نے جمعرات کو سربراہی اجلاس سے خطاب کیا۔ اپنی تقریر میں وزیراعظم نے علاقائی(بقیہ نمبر 57)

مسلم لیگ (ن) کے صدر رانا ثناء اللہ ماڈل ٹاؤن میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان کسٹمز نے 156 ملین روپے مالیت کے غیر قانونی سگریٹس ضبط کر لئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے ملک میں سمگل کئے جانے والے غیر ملکی سگریٹس کے خلاف انسداد سمگلنگ آپریشنز کے لئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی تھیں۔ اپنی حالیہ کارروائیوں کے دوران پاکستان کسٹمز نے 30 اکتوبر سے 5 نومبر 2023 کے دوران 8157200 سگریٹس ضبط کر لئے جن کی کل مالیت 156 ملین روپے(بقیہ نمبر 58)

ہمیں لیول پلیئنگ فیلڈ میسر ہو یا نہ ہو ہم الیکشن لڑینگے، بلاول

ایم کیو ایم اور ن لیگ کے درمیان اتحاد کا نقصان ان دونوں جماعتوں کو اٹھانا پڑے گا۔ جب تک ان کا بیانیہ ووٹ کی عزت کا تھا ہم ان کے ساتھ تھے

ہم زبردستی کسی کو حکومت میں نہیں لیکر جاسکتے تھے نہ ہم زبردستی مولانا کو حکومت میں لیکر گئے تھے نہ ہی ہم نے زبردستی شہباز شریف کو وزیراعظم بنایا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہمیں لیول پلیئنگ فیلڈ میسر ہو یا نہ ہو ہم الیکشن لڑیں گے، ہمارا رابطہ عوام سے ہے ان کا رابطہ کسی سلیکشن کمیٹی سے ہے، ایم کیو ایم اور ن لیگ کے درمیان اتحاد کا نقصان ان دونوں جماعتوں کو اٹھانا پڑے گا۔ جب تک ان کا بیانیہ ووٹ کی عزت کا تھا ہم ان کے ساتھ تھے۔ جب وہ اپنے بیانیہ سے ہٹے تو ہم ان کے ساتھ نہیں چل سکے ۔انہوں نے یہ بات بدھ کی شام ابراہیم حیدری فٹ بال گراؤنڈ کے دورے کے موقع پر اپنے خطاب میں کہی۔ انہوں نے پی ڈی ایم کی سابقہ دور حکومت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم زبردستی کسی کو حکومت میں نہیں لیکر جاسکتے تھے نہ ہم زبردستی مولانا کو حکومت(بقیہ نمبر 59)

راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر چھ افراد گرفتار کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز کے دوران کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 06 افراد گرفتار، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دوکانیں اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس نے گورکھ پور، وارث خان پولیس (بقیہ نمبر 60)

مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر سے نصیر احمد میر، زبیر خان ملاقات کر رہے ہیں

سٹریٹ کرائم و ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث شبیرا گینگ گرفتار

شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس کی اہم کارروائی کے باعث سٹریٹ کرائم و ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث شبیرا گینگ گرفتار کرلیا گیا۔ ۔تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث شبیرا گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ شبیر اللہ اور ساتھی سہیل خان شامل ہے، ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے 05 موبائل، چھینی گئی رقم 40 ہزار روپے، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹرسائیکل اور اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان نے ابتدائی تفتیش میں ایک درجن سے زائد وارداتوں (بقیہ نمبر 61)

موسمیاتی تغیر کو کم کرنے کا اقدام گلوبل وارمنگ بڑھا رہا ہے، تحقیق

لاہور (پینانیوز) موسمیاتی سائنس دانوں نے خبردار کیا ہے کہ موسمیاتی تغیر کو کم کرنے کے لیے کی جانے والی گزشتہ کوشش کے سبب گلوبل وارمنگ تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ مشہور موسمیاتی سائنس دان جیمز ہینسن کی سربراہی میں ہونے والی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ جہازوں سے ہونے والے اخراج کو کم کرنے کیلیے کیے جانے والے اقدام کے درجہ حرارت پر الٹے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ جب کمرشل جہاز سمندر میں چلتے ہیں تو وہ دھواں خارج کرتے ہیں جس میں سلفر شامل ہوتا ہے۔ یہ عنصر انسانی صحت اور ماحول کے لیے نقصان دہ جانا جاتا ہے۔

موٹر ویز ایم فور، ایم فائیو اور سب سیکٹر ایم فور دھند کی وجہ سے عارضی طور پر بند رہیں، ترجمان

لاہور (پینانیوز) موٹروے ایم فور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے عبدالحکیم، موٹروے ایم فائیو ملتان سے اوچ شریف اور موٹروے سب سیکٹر ایم فور شام کوٹ سے ملتان تک دھند کی وجہ سے کچھ دیر کیلئے بند رہیں۔ ترجمان موٹروے کے مطابق جمعرات کی صبح موٹروے ایم فور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے عبدالحکیم، موٹروے ایم فائیو ملتان سے اوچ شریف اور موٹروے سب سیکٹر ایم فور شام کوٹ سے ملتان تک دھند کی وجہ سے بند کرنا پڑیں جو کچھ دیر بعد حد نگاہ میں (بقیہ نمبر 62)